गये वह १९५२-५३ मे २,११,३६९ मन है और अब १९५३-५४ मे ४,३१,८०० मन डिस्ट्रीब्यूट (Distribute) किये जायेंगे। साथ साथ यह भी बताया गया है कि ३५४ अिजिन्स दिये गये हैं। माअीनर अिरीगेशन (Major irrigation) और मेजर अिरीगेशन (Figures) के तहत कितनी आराजी पानी के अंदर आ सकती है. अुसके फीगर्स (Minor irrigation) बतलाये गये है। अिस तरह से अक खाका प्लानिंग के तहत हमारे सामने पेश किया गया है। मै अर्ज करूंगा कि ये जो फिगर्स हमारे सामने रखे गये हैं अुनसे मालूम होता है कि अग्रीकल्चर डिपार्टमेंट १९५२-५३ के मुकाबले मे १९५३-५४ में बहुत जियादा तरक्की करने की ख्वाहिश रखता है। लेकिन अिसमें जो प्राक्टिकल डिफिकल्टीज(Practical difficulties)हैं अुनके बारे में मुझे अर्ज करना है। खास कर अिसके बारे में बहुत बड़ा अेतराज है। मैं मानता हूं कि हमारे अग्रीकल्चर डिपार्टमेंट के तहत बडे बडे अेक्सपेरीमेंटस (Experiments) और रीसर्चेस(Researchers) होते होंगे। लेकिन अुनका फायदा जिस तरह से काश्तकारों को मिलना चाहिये वह नही मिल रहा है। अिसके क्या वजूहात है ? सीड्स, अिम्प्लीमेंटस और मन्यूअर (Manure) के बारे में हमारे अिन्स्टीट्यूशन में अेक्सपर्टस अेक्सपेरीमेंट कर के बताते है कि फलां फलां सीड या मैन्यूअर हमारे काश्तकार के लिये मुफीद होगा। लेकिन अुसके लिये जो प्रोपागांडा (Propaganda) होना चाहिये अुसको लोगों में जियादा रायज करने के लिये जो डिमान्स्ट्रेशन्स(Demonstration) होने चाहिये वे अग्रीकल्चर डिपार्टमेंट की तरफ से नहीं किये जाते। आप जानते होंगे कि हमारे काश्तकार अभी पुराने खियालात ही दिल में रखे हुअे हैं। वे नया म्यान्यूअर नये सीडस या नये अिम्प्लीमेंटस का अिस्तेमाल करने के लिये हिचकिचाते हैं। अगर काटन सीड के बारे में हम कहते है कि फलां सीड अच्छा है, अुसका धागा अच्छा होता है और मुलायम और बारीक होता है तो काश्तकार अुस पर विश्वास करने के लिये तैयार नहीं होता। वह कहता है कि हमारा जो पुराना सीड है अुसीसे अिस सीड के दो या देढ गुना जियादा धागा निकलता है वही जियादा अच्छा है अुसीको हम अिस्तेमाल करेंगे और हम अिस नये सीडस के अिस्तेमाल के लिये तयार नहीं है। हमारे सरकारी अफसरों का यह काम था कि गुजिश्ता साल या अुसके पहले के साल में काश्तकारों के पास जाकर बता देते कि अुनकी जमीन में नये सीड की तुकमरेजी करने से और नये मैन्यूअर देने से किस तरह फायदा होता है। अुनको डिमान्स्ट्रेशन कर के बताना चाहिये था कि किन सीडस से जियादा फायदा होता है और किनसे जियादा पैदावार होती है। लेकिन यह क्तम किया जाता। जिनके पास बडे बडे फार्मस हैं वे भी कहते हैं कि आपके पास जिस तरह से पानी ट्रॅक्टर प्लोअिंग और फसल की बीमारी को दूर करने का अिन्तजाम है अुस तरह का अिन्तजाम काश्तकार के पास भी है। अिसलिये आपके अेक्सपेरीमटस हमारे लिये कामयाब नहीं होते। और आप जो सीडस देते हैं अुनसे काश्तकार तुकमरेजी करने के लिये तैयार नहीं होते। दरअसल जो चीज काश्तकार के फायदे के लिये आप करने जा रहे हैं अुसको हासील करनेसे वह आज अिन्कार कर रहा है। अितने अेक्सपेरीमेंटस करने के बाद अितने अखराजात बर्दाश्त करने के बाद अुनकी गलतफहमी को दूर करने प्रोपागांडा अग्रीकल्चर डिपार्ट कि तरफसे होना चाहिये था वह अुसने अदा नहीं किया।

दूसरी चीज जो मुझे अिस [illegible] कहनी है वह यह है कि जब मैं काश्तकारों से, काश्तकारों से कहता हूं कि आपने जो सीड काश्तकार को दीये अुसका तफ्सील अखबार नहीं निकलता, वे ये कहते हैं कि लोगों ने सीड का वक्त पर अिस्तेमाल नहीं किया [illegible]

कि बारिशवक्त पर नही हुअी। अिसलिये अैसा हुआ होगा। परभनी मे अग्रीकल्चर डिपार्टमेंट के अफसरों के साथ अिस सिलसिले मे बातचीत करने का मुझे मौका मिला है। मै बताना चाहता हू कि डिस्ट्रीब्यूशन आफ सीडज (Distribute) बहुत गलत तरीके पर किया जाता है। जिस वक्त वह मिलना चाहिये अुस वक्त वह नही मिलता। ऑनरेबल मेबरान की तवज्जह मै अिस तरफ आकर्षित करना चाहता हू कि काश्तकारी अेक अैसा पेशा है कि अगर वह वक्त पर न किया जाय तो आप बाद मे कितना ही खाद डालो, मेहनत करे अुसका कुछ भी फायदा नही होता। काश्तकार को आखिर नुकसान होता है। हमारे डिपार्टमेंट की यही हालत है। जब काश्तकार अपने देहात मे आपका खास सीड लेने के लिये आता है तो आपके ओहदेदार कहते है कि आज हमको फुरसत नही है, कल आओ। परभनी जैसे मुकाम पर काश्तकार आता है तो अुसको तीन चार दिन रहना पडता है। पैसा खर्च करना पडता है। अगर तुकमरेजी का वह वक्त हो तो बहुत से किसान वापिस चले जाते है और दूसरे किसी सीडसे तुकमरेजी करलेते है। अिससे अुनको आखिर नुकसान अुठाना पडता है। दूसरी बात यह है कि जिराअत के अफसरो के लिये आफीस का वक्त सिर्फ १० बजे से ५ बजे तक नही होना चाहिये। काश्तकार जिस वक्त वहा पर आये अुस वक्त अुसको सीडज मिलने का अिन्तजाम किया जाना चाहिये। तुकमरेजी के वक्त पर काश्तकार किसी चीज की पर्वाह नही करता। अगर अुस वक्त अुसके घर मे कोअी आदमी मर जाय तो वह कहता है कि पहले मै तुकमरेजी करूंगाऔरंगाबाद मे मै अुस आदमी को जलाने के लिये ले जाअूगा। दूसरी चीज यह हैकि हर काश्तकार को जिस वक्त तुकमरेजी के लिये सीडजकी जरूरत है अुसके कम से कम आठ दिन पहले सीडज मिल जाने चाहिये। अिसके बाद काश्तकार जब सीडज लेने आता है तो अुसको बताया जाता है कि तुकमरेजी का नक्शा पेश करो, या तहसीलदार के पास से तसदीक ले आओ। अिससे काश्तकार को बहुत नुकसान होता है। अग्रीकल्चर डिपार्टमेंट के अफसर अिन बातो का कुछ लिहाज रखकर काम करते है। लेकिन मुझे अफसोस के साथ कहना पडता है कि तहसील या रेवीन्यू महकमे के अफसरान अिन चीजो को मलहूज न रखते हुअे काम करते है। अिसीलिये आपके अितने रीसर्च और अेक्सपेरीमेंट केबाद भी यह चीजे वक्त पर न मिलने से काश्तकार का बहुत बडा नुकसान होता है। मै समझता हू कि ऑनरेबल मिनिस्टर अिस तरफ जरूर ध्यान देगे और खास तौर पर अिस मसले को हल करने की कोशिश करेंगे।

مسٹر اسپیکر ۔ صرف دو منٹ باقی ہیں ۔

श्री. अण्णाजीराव गव्हाणे :—दो मिनट में अिन सब चीजों को रखना बहुत मुश्किल है। पाच मिनट और दिये जायें तो मुक्तसरन् अिन चीजों को बयान कर सकूगा।

श्री. गोपालराव रेड्डी :—मिस्टर स्पीकर सर, दूसरे भी मेंबरों को तकरीर करनेका मौका मिलना चाहिये।

श्री अण्णाजीराव गव्हाणे :—ऑनरेबल मेबरों का मै जियादा वक्त नही लूगा। और किसी को शिकायत करने का मौका नही दूगा।

प्रोजेक्टस के सिलसिले में मुझे यह कहना है कि हमारे यहां जो निजामसागर प्रोजेक्ट है अुसके तहत जितनी आमदनी होनी चाहिये वह नही होती। अिसका जो अेवरेज बताया जाता है वह करीब ८०० पौंडज् है। अिसके तहत कम से कम २ हजार पौंड अेवरेज आना चाहिये। मुझे यह कहना है कि काश्तकार को अपनी जमीन काश्त करके जियादा अनाज पैदा करने के लिये जिन चीजों की,

यानी सीडज, वेन्यूअर या अिम्प्लीमेंटस की जरूरत होती है वह अुनको महैया न होने से ये प्राजेक्टस खतम होने पर भी अिनसे कोअी फायदा नही होता।

दूसरी चीज म यह अर्ज करना चाहता हू कि जो जो अहकामात मल्लाय और अग्रीकल्चर डिपार्टमेंट से दिये जाते है, अुनका बराबर अिम्लिमटेशन (Implimentation) नही होता। यहा से अेक तरह के अहकामात भेजे जाते है और अजालाओ मे जो ओहदेदार तहसीलदार और गिरदावर वगैरा होते है वे अुसका अमल दूसरी तरह करते है। जो अहकामात हुकूमत की तरफ से या मल्लाय और अग्रीकल्चर डिपार्टमेंट मे डीलर्स (Dealers) को लायसेन्सेस देने के बारे मे और फुड प्रोक्युरमेंट (Procurement) बारे मे दिये गये है अुन पर तहत के मुलाजमीन बराबर अमल नही करते। मै हाअुस के सामने यह चीज रखना चाहता हू कि हुकूमत की जानिब से साफ तौर पर कहा गया है अिस तरह के लायसेन्सेस सिर्फ डीलर्स और बडे बेपारीयो को देना कपलसरी है तो अनाज का बेपार नही करता है अुसको ये लायसेन्सेस लेने की जरूरत नही है। फिर भी अुनको लायसेन्स लेने के लिये मजबूर किया जाता है। काश्तकारो को तकलीफ नही होनी चाहिये। ये अिसलिये ये अहकामात दिये गये थे। लेकिन तहसिलदार और गिरदावर काश्तकारो को सताय करते है। मै आपके सामने परभणी की अेक मिसाल रखना चाहता हू। परभणी जिले मे अिस तरह नाजायज तरोके पर पचीस तीस हजार रुपये रुपये वसूल किय गये।

अुसी तरह फुड प्रोक्युरमेंट भी डीलर्स से वसूल किया जाना चाहिय। बावजूद अिसके छोटे छोटे काश्तकारोसे भी यह फुड प्रोक्युरमेंट जबरदस्ती किया गया। और करीब ६० परसेंट प्रोक्युरमेंट अिस तरह किया गया। देहातो के गिरदावर और तहसीलदार मिलकर वसूल किया करते है। और अिसके बारे मे कलेक्टर साहब को सिर्फ अितल्ला दी जाती है। वे भी अिस तरफ तवज्ज नही करते है बीड और अुस्मानाबाद जैसे कहत के अिलाकोमे भी जबरन् लेव्ही वसूल करने की कोशिश की जाती है। और यह कहा जाता है यदि आप हमे कुछ रुपये देंगे तो आपको छोड दिया जायेगा। अिस तरह से भी अेक रूश्वत का अेक जरिया बनालिया गया है।

अब अेक और चीज अर्ज करदेना चाहता हू। मायनर अिरिगेशन हो या मेजर अिरिगेशन वर्क हो अिसके अलावा काश्तकारो को तकावी देने की स्कीम हमारे हुकूमत के सामने है। और अिसके बिना तो सिर्फ अिन बडी बडी स्कीमोसे कोअी काम नही होनेवाला है। मै अिस तकावी को सिस्टम पर कुछ कहना चाहता हू। पहले मुझे यह कहना है कि आज जो तकावी दी जाती है वह अैसे लोगो को दी जाती है जो अिसका ठीक ठीक फायदा नही हासिल करना चाहते। और जिनको वाकअी तौर पर तकावी की जरूरत होती है अुनको यह नही मिलती। सरकार की तरफ से वेल्स (Wells) के लिये जो तकावी दी जाती है वह भी ठीक तरहसे नही दी जाती। बाज वक्त यह भी होता है कि बावलिया न बना कर वह रक्कम किसी दूसरे कामो मे खर्च की जाती है। अिसके बारे में मेरा यह सजेशन है कि अैसे वेल्स पूरे किये बिना सरकार अिस पर किसी को तकावी की रक्कम न दे। जो लोग वेल्स पूरा करेगे अुन्ही को यह रक्कम दी जाय। और सरकारकी तरफ से पहले अच्छी तरह देखलिया जाय कि वाकअी वेल्स खोदे गये है या नही।

अिसी तरह मुझे ऑअिल अिंजिन्स के बारे में कहना है कि आज जो ऑअिल अिंजिन्स दिये जाते है वह बहुत ही कम दिये जाते है। वह ज्यादा तादाद मे देने के लिये हुकूमत को अितमाम न ग

चाहिये। और जो भी आज दिये जा रहे हैं वह अैसे लोगों को दिये जा रहे हैं जो अुसका अिस्तेमाल नहीं कर रहे हैं बल्कि वह अुसका व्यापार कर रहे हैं। ये लोग हुकूमत के पास से अिजेन्स लेकर अुसको जियादा किंमत पर दूसरे लोगों को बेचकर फायदा हासिल कर रहें हैं।

मै अिसके मुतालुक और ओ तकावी की स्कीम है अुसके मुतालक भी हुकूमतसे अर्ज करना कहता हूं कि हर मुकाम पर जो सप्लाय कमेटि होती है और जो प्लॅनिंग कमेटिज होती हैं अुन्हीं को यह काम सुपरूद करना चाहिये। ये लोग बहुत अच्छी तरह से अिसका तसफिया करसकेंगे कि किसको जियादा जरूरत है। अुसी आदमी को तकावी मिलेगी जिसे दरअसल अुसकी जरूरत है।

अब मुझे यह अर्ज करना है कि ये जो कमेटिज बनाअी जाती हैं अुनसे अपोजिशन पार्टी के लोगों को नहीं लिया जाता। अपनी कान्स्टिटयुशन्सी में अच्छे वर्कर होने पर भी अुस मेंबरको अैसा समजकर भी वह अपोजिशन पार्टीसे ताल्लुक रखता है। कमेटी पर नहीं लिया जाता काश्तकारों की भलाअी के लिये अगर अपोजिशन पार्टीस की तरफ से कोअी सजेशनस पेश किये जाते हैं तो अुस पर नही सोंचाजाता। मै सरकार को वाजे कर देना चाहता हूं कि आज यदि हुकूमत का कोअी अच्छा काम होरहा है तो वह अुनकी अच्छाअी से नहीं चल रहा है। हम अपोजिशन के लोग यहां बैठे हैं अिसलिये आपको कुछ न कुछ काम करना पडता है। यदि कुछ अच्छा काम भी होता है तो अुसकर क्रेडिट आप लोगों को नही है। यह मै चॅलेंज के साथ आज कहना चाहता हूं।

मै ट्रक्टर प्लोअिंग के सिलसिले में कुछ कहना चाहता हूं। मै यह नहीं कहनाता की ट्रॅक्टर प्लोअिंग से कुछ फायदा नहीं हो रहा है। लेकिन जितना फायदा होना चाहिये अुतना नही हो रहा है। मै परभणी जिले की हदतक कह सकता हूं की यहां पर दो जगह पर ट्रॅक्टर प्लोअिंग का काम हो रहा है। मै लॅन्ड प्लोअिंग कमेटि का अेक मेंबर हूं। अिस लिये मै जिम्मेदारी के साथ कहसकता हूं कि जब गिरदावर तहसीलदार पटवारी कलेक्टर आदि से पूछा जाता है कि अपने अपने अेरिया जिले मे कितनी प्लो लॅन्ड है तो वे कहते हैं कि हमारे यहां कोअी लॅन्ड प्लो (Land Plough) ही नहीं। यदि अुनको यह कहा जाता है कि हम लोग खद वहां जाकर देखेंगे कि वाकअी कहीं पर प्याला लॅन्ड है या नहीं तो वे तहिसलदार गिरदावर और कलेक्टर अपने अपने रजिस्टर देखकर कहते हैं की हमारे पास कोअी प्याला लॅन्ड ही नहीं। लेकिन वे परसनली (Personally) जाकर मौका मालीना के लिये तैयार नहीं है। जब किसी दूसरे नानआफीशियल आदमी को अिस गर्जसे भेजा जाता है तो वह सेकडों प्याला लॅन्डस का पत्ता लगाकर आता है। आपके डिपार्टमेंट के लोग अिस तरहसे काम करते हैं। अगर अिन डिपार्टमेंटस को रवय्या रहेगा तो आपका कोअी प्लान सक्सेस फुल (Successful) नहीं होगा।

अेक दूसरी बात जो मुझे कहनी है वह यह है कि आज ट्रॅक्टर प्लोअिंग (Tractor Ploughing) जो रेट्स (Rates) हैं वह बहुत हाय (High) हैं। अगर काश्तकारों को और खासकर छोटे छोटे काश्तकारों को फायदा पहूंचाना ही अगर हुकूमत का मकसद है तो ट्रॅक्टर प्लोअिंग के रेट्स कम होने चाहिये। जमीनदार जो जियादा अमीर हैं अुनसे जियादा रेटस वसूल करने में मेरा कोअी अेतराज नहीं। अुनसे आप कितना भी वसूल किजिये। लेकिन गरीब काश्तकारों के लिये तो रेट्स कम होना बहुत जरूरी है। अमीर से जियादा रेटस वसूल करने के बाद जो रक्कम जियादा मिलेगी

अुसको काश्तकारों की अिमदाद में सर्फ होनी चाहिये। जब रेटस कम होंगे तबही ये गरीब काश्कार अपने खेतों मे ट्रॅक्टर प्लोअिंग कर सकेगा।.

आप यदि अग्रीकल्चर (Agriculture) में जियादा तरक्की करना चाहते है तो अॅग्रीकल्चर की तालिम के लिये भी अितजाम करना अुसके लिये जरअी तालीम के स्कूल्स होने चाहिये। तब ही अॅग्रीकल्चर डिपार्टमेंट की स्कीमें अिप्लीमेंट (Implement) की जा सकेंगी। हर जिले में अॅग्रीकल्चर के कॉलेज का अितजाम होना चाहिये। और तालुकों के जगहहो पर स्कूलों का भी अितजाम होना जरूरी है। आज कअी विद्यार्थियां म्याट्रिक पास कर के गरीबी की वजह से अपनी तालिम जारी नही रख सकते। अगर सनअती तालीम और जरअती तालीम की पढाअी का अितजाम किया जाय तो यह तुलबा पढकर अपने अपने देहातों में जाकर जियादा लोगों को अिससे वाकीफ कराने में मदद कर सकेगें अिस प्रकार अॅग्रीकल्चर में तरक्की हो सकती है। अितना कहकर मै अपना भाषण समाप्त करता हूं।.

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - شری وی- ڈی - دیشپانڈے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - اسپیکرسر - میری یہ گذارش ہے کہ یہ بہت اہم منسٹری ہے جسکے ڈیمانڈس پر ڈسکشن کیا جا رہا ہے - اتنے تھوڑے سے عرصہ میں ان پر پوری طرح ڈسکشن ناممکن ہے - اگر سنن ڈھائی بجے تک چلایا جائے تو کافی لوگوں کو موقع مل سکتا ہے - اسلئے ممبرس کو ایک بجے تک موقع دیا جائے تو ٹھیک ہوگا -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - منسٹر صاحب چاہتے ہیں کہ انہیں جواب کے لئے ڈیڑھ گھنٹہ دیا جائے - اگر ممبرس کو (۱) بجے تک موقع دیا جائے تو اسکے یہ معنی ہونگے کہ ہاؤس (۳) بجے برخاست ہو -

شری داجی شنکر راؤ - یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے اسمیں عجلت ٹھیک نہیں ہے -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - ہاؤس اس بارے میں تصفیہ کرسکتا ہے - مجھے کوئی عذر نہیں ہے -

شری وی - ڈی دیشپانڈے - منسٹر صاحب اگر ڈیڑھ گھنٹہ چاہتے ہیں تو ایسی صورت میں بھی سنن ڈھائی بجے ختم ہوسکتا ہے - وہ ڈیڑھ گھنٹہ بھی لیسکتے ہیں -

ڈاکٹر چنا ریڈی - لیکن ووٹنگ کے لئے بھی تو تقریباً آدھ گھنٹہ لگتا ہے -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - اسلئے ڈھائی بجے اگر ختم کرنا ہوتو منسٹر صاحب کو اپنا جواب ساڑھے بارہ بجے شروع کرنا پڑیگا -

ڈاکٹر چنا ریڈی - اب تک بھی کافی پاٹیشن ہاؤس کے سامنے آچکے ہیں جنکے جواب دینے کافی وقت لیگا -

شری داجی شنکر راؤ - ابھی اگریکلچرل انجینیرنگ ڈپارٹمنٹ کے بارے میں بحث نہیں ہوئی ہے - یہ اہم ڈپارٹمنٹ ہے - بحث و مباحثہ کے لئے زیادہ ٹائیم ملنا چاہئے - میں اپنی تقریر شروع کرتا ہوں - (Laughter)

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - میں مناسب سمجھتا ہوں کہ ڈسکشن جاری رہے - اسکے بعد منسٹر جواب دینگے - لیکن میں یہ گذارش کرونگا کہ آنریبل ممبر اپنے خیالات کنسائیز (Concise) کرکے بیان کریں - آنریبل ممبر یہ ملحوظ رکھیں کہ اگر وہ زیادہ وقت لیلیں گے تو دوسرے ممبرس محروم رہینگے -

شری داجی شنکر راؤ - مسٹر اسپیکرسر - زراعت کا محکمہ اس لحاظ سے کافی اہمیت رکھتا ہے کہ ہمارے ملک کا (۸۰) فیصد طبقہ زراعت پر اپنی زندگی گذار تا ہے - بجٹ میں میں نے دیکھا ہے کہ ہماری حکومت زراعت کو میکانائیز (Mechanise) کرکے آگے کی طرف بڑھانے کی کوشش کرنا چاہتی ہے تاکہ زیادہ پیدا وار حاصل ہو - اس لحاظ سے بھی اگریکلچرل انجینیرنگ ڈپارٹمنٹ بہت ہی اہمیت رکھتا ہے - میں بہت ہی کینلی (Keenly) یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ اس ڈپارٹمنٹ کے اڈمنسٹریشن کا کیا حال ہے اس میں کیا کیا بدعنوانیاں ہو رہی ہیں - اس کے دو تین ایٹمس ہیں - پہلی چیز یہ کہ اس ڈپارٹمنٹ میں رشوت بہت بڑھی ہوئی ہے - دوسری چیز یہ کہ وہاں کے امپلائیز (Employees) کے ساتھ انیائے ( ) ہوتا ہے - انکے قانونی اور کانسٹی ٹیوشنل (Constitutional) حقوق کچلے جاتے ہیں - جس سے اس ڈپارٹمنٹ کا کام بھی متاثر ہو رہا ہے - فارمنگ (Farming) میں بھی بدعنوانیاں ہیں - میں یہ بتلاؤنگا کہ وہاں کے آفیشیل اور لیبررس کے تعلقات کیسے ہیں اور کام خوش اسلوبی سے چل رہا ہے یا نہیں - میں مختصراً ان تمام چیزوں کے بارے میں عرض کرونگا اسلئے کہ زیادہ وقت نہیں ہے - اگریکلچرل انجینیرنگ ڈپارٹمنٹ (Agricultural Engineering Dept.) کے بارے میں مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ وہاں کے انجینیرس پوری طرح سے ڈکٹیٹر بنے ہوئے ہیں - انہوں نے اپنے عزیز و اقارب اور اپنے ہی لوگوں کو ڈپارٹمنٹ میں بھرتی کرلیا ہے جو اس ڈپارٹمنٹ کی بدعنوانیوں کو باہر آنے نہیں دیتے - اس کوشش میں وہ کامیاب بھی ہوچکے ہیں - اس ضمن میں آل حیدرآباد اگریکلچرل لیبررس یونین (All-Hyderabad Agricultural Labourers' Union) کی جانب سے ۱۷ - نومبر سنہ ۵۲ع کو آنریبل منسٹر کے پاس ایک میمورینڈم بھی اس سلسلے میں پیش ہوا تھا جس میں بتایا گیا تھا کہ وہاں کیا بدعنوانیاں ہوتی ہیں - لیبررس کو کسطرح ستایا جاتا ہے اور ڈپارٹمنٹ پر اس کا اثر کسطرح پڑ رہا ہے - فبروری سنہ ۵۲ع میں معلوم ہوا کہ اس ڈپارٹمنٹ کے آفیسرس اور مزدوروں کے نمائندوں نے باہمی تصفیہ کیا ہے - تصفیہ تو ہوا لیکن اس تصفیوں پر بھی صحیح طریقے سے عمل نہیں ہو رہا ہے -

میں پہلے یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ کسطرح وہاں اپنے لوگوں کو ڈپارٹمنٹ میں بھرتی کیا جاتا ہے - وہاں موجودہ اسٹور کیپر وینکٹا کرشنا ہیں - وہ امتحان کا صرف

ایک گروپ پاس ہیں ۔ انہیں پہلے بلاک اسسٹنٹ ہلپر (Blacksmith Helper) کی پوسٹ پر مقرر کیا گیا تھا اسکے بعد انہیں ڈرافٹسمن (Draughtsman) بنایا گیا ۔ اسکے بعد انہیں یکدم اسٹورکیپر کی جگہ پر مبدل کیا گیا ۔ بعد میں ٹریسر (Tracer) بنادیا گیا ۔ اس محکمہ کے لئے جس ڈگری یا ڈپلوما حاصل کرنے کی ضرورت ہے انکے رہنے کے باوجود دوسروں کو ان پوسٹس پر موقع نہیں دیا جاتا وہیں ایک ست نارائن پلے نامی صاحب ہیں وہ امتحان کے (۶) گروپس پاس کرچکے ہیں ۔ انہیں نہیں لیا گیا ۔ جسکی وجہ سے وہ استعفا دیکر کسی دوسرے محکمہ میں چلے گئے اسیطرح ایک اور صاحب ہیں جنکا سنہ ۱۹۵۲ء میں تقرر ہوا ہے ۔ انکو ٹریکٹر کلینر ۔

Dr. Chenna Reddy: Mr. Speaker, Sir, I am afraid that in the short time before us we have to deal with many points of policy and individual cases of departmental administration need not be taken up.

Mr. Dy. Speaker: That is what I also think. It would be better if the hon. Member, instead of speaking about individual cases, deals with matters of policy.

شری داجی شنکر راؤ ۔ میں نے مثیلا ایک دو واقعات پیش کئے ہیں ۔ میرامقصد یہ بتانا ہے کہ آج وہاں کا ایڈمنسٹریشن کس طرح چل رہا ہے ۔ کس ان افیشنسی (Inefficiency) سے کام چل رہا ہے ۔ یہ بات منسٹر صاحب کے علم میں لانی ہے کہ وہاں انجینیرس کے رشتہ دار ہی بھرتی کئے جاتے ہیں تاکہ ڈپارٹمنٹ کی بدعنوانیاں باہر نہ آنے پائیں ۔

اسکی وجہ سے دو چار لوگ استعفا دیکر چلے گئے ہیں ایسے کیسس ہمارے پاس آئے ہیں ۔ دوسری چیز یہ کہ وہاں کے اسپلائیز کو طرح طرح سے ستایا جا رہا ہے ۔ مثیلا میں ایک دو واقعات ہاؤز کے سامنے پیش کرونگا ۔ کئی ایسے اسپلائیز ہیں جنکو کنڈکٹ رولس کی دفعہ (۱۲) کے تحت نوٹس دیگئی ہے کہ آپ یونین میں شریک نہیں ہوسکتے اور جو لوگ شریک ہوے ہیں انکو نوٹس دیگئی ہے کہ کیوں نہ آنکے خلاف کاروائی کی جائے ۔ لیکن انکی یونین رجسٹرڈ ہے ۔ یونین کے کارکنوں کو طرح طرح سے ستایا جاتا ہے ۔ یہی نہیں بلکہ ایسے کارکنوں پر مقدمات چلائے جا رہے ہیں اور انکو (Electrician) الکٹریشن (Weldory) ویلڈری کی حیثیت سے تقرر کے لئے درخواست دی تھی انکو واپس میں دیا جا رہا ہے ۔ علاوہ انکے ایک شخص نے (Reinstate) کے لئے بھرتی کیا گیا ۔ وہاں بہت سی بدعنوانیاں ہیں اور اسپلائیز کو طرح طرح سے ستایا جا رہا ہے ۔ یہی نہیں بلکہ ری انسٹیٹ ( ) کرنے کے بعد ان پر کیسس چلائے جا رہے ہیں ۔ چونکہ یہ انفرادی کیسس (Individual cases) ہیں ۔ (Oil engines) آئل انجن (Hints) ہنٹس ( ) کا بیان کرتے ہے ۔

Incomplete old and unserviceable engine was supplied.

ایسا ریمارک ہونے کے باوجود اوپر کی اتھارٹی اور منسٹر صاحب خاموش کیوں ہیں پتہ نہیں - انجنس کن کن لوگوں کو کہاں کہاں دئے گئے ہیں اسکی لسٹ میرے پاس موجود ہے اگر چاہیں تو منسٹر صاحب متعلقہ کو وہ لسٹ دے سکتا ہوں - جتنے انجنس دئے گئے ہیں پٹیالہ اینڈ کمپنی ورنگل سے خرید کر دئے گئے ہیں - معلوم ہوا ہے کہ وہ پٹیالہ اینڈ کمپنی انکے رشتہ داروں کی کمپنی ہے - اسی لئے ٹنڈر کال کئے بغیر وہ خریدے گئے ہیں -

Dr. Chenna Reddy: In which year has it been done.

شری داجی شنکر راؤ- سنہ ۵۰-۱۹۵۰ع میں کیا گیا ہے اسبارے میں میرے پاس تختہ موجود ہے میں پیش کرونگا -

یونین کے ممبرس کو کسطرح ستایا جاتا ہے اوس کا اظہار اوس راز کے مراسلہ سے ہوگا جو جاری کیا گیا ہے - وہ بھی میرے پاس موجود ہے میں پیش کرسکتا ہوں- اسپر لفظ "راز" لکھا ہوا ہے - اس میں ہدایت کی گئی ہے کہ یونین کے ممبروں پر زیادہ سے زیادہ کڑی نگرانی رکھی جائے -

حمایت ساگر فارم کے بارے میں کچھ عرض کرنا ہے وہ یہ کہ وہاں کے مزدوروں کے ڈیمانڈس کو قبول کرنے کے بعد بھی وہاں کے سپرنٹنڈنٹ کا کام نہ سننے کی وجہ مزدوروں کو طرح طرح سے ستایا جا رہا ہے - وہ (۲۰-۲۰) سال سے کام کرتے آ رہے ہیں وہ پرمینٹ (Permanent) تھے اب انکا نام مستقل مزدور کی حیثیت سے خارج کرکے ٹمپرری (Temporary) مزدوروں کی فہرست میں ڈالا گیا ہے - ہم جب وہاں گئے تو مزدوروں نے ہم سے یہ کہا - لیکن ڈپٹی ڈائرکٹر نے کہا کہ یونین والے جو کہتے ہیں وہ غلط ہے - حالانکہ تحقیق سے ہمکو یہ معلوم ہوا کہ لیبرس جو کہتے ہیں وہ صحیح ہے کہ مستقل لوگوں کو عارضی مزدوروں کی فہرست میں ڈالا گیا ہے اور کچھ لوگوں کو ڈسچارج (Discharge) بھی کیا گیا ہے - ایسی بدعنوانیاں ایسے سررشتہ میں رہیں جو کاشتکاروں کی بھلائی کے لئے قائم کیا گیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ایسی حالت میں کاشتکاروں کو میکانائیزڈ طریقہ سے زراعت کرنے کی ترغیب نہ دیجاسکے گی اور گورنمنٹ کا مقصد پورا نہ ہوسکے گا - میں منسٹر صاحب متعلقہ سے اپیل کرونگا کہ ان بدعنوانیوں کو دور کریں اور مزدوروں کے ساتھ جو بیجا طریقے اختیار کئے جا رہے ہیں ان پر ایکشن (Action) لیں -

شری جی - سری رامالو - سنٹر اسپیکر سر میرے ڈیمانڈس بہت کچھ ہیں مگر اسوقت ڈیمانڈس فار اگریکلچر (Demands for Agriculture) پر اپنی رائے کی اور اپنی ذاتی رائے پیش کرنا چاہتا ہوں کیونکہ آنریبل منسٹر فار سپلائی اینڈ اگریکلچر (Hon. Minister for Supply and Agriculture) ڈیمانڈس کی مخالفت حاصل کرنے والے وزراء میں تیسرا درجہ رکھتے ہیں [illegible]

ڈالنا اور ان سے کام لینا اچھا ہے مگر منسٹر صاحب نے اس بجٹ خرچ کے مدات کو جیسے کے ویسے بتانے میں کوئی دقیقہ باقی نہیں رکھا ۔ میرا منشاء یہ نہیں ہے کہ ان مدات پر صرفہ نہ ہونا چاہئے بلکہ میں چاہتا ہوں کہ اس میں یہ ظاہر کرنا چاہئے کہ گرومور فوڈ کمپین (Grow More Food Campaign) کے سلسلہ میں کیا پروگریس (Progress) ہوئی ۔ بنجر زمین میں کتنا کلٹیویشن (Cultivation) ہوا اور کتنی زمینات کو پیداوار کے قابل بنایا گیا ۔ جب ہم ان چیزوں کو دیکھتے ہیں تو بڑی نا امیدی ہوتی ہے ۔ یہ اگریکلچرل اسٹیٹ (Agricultural State) ہے نود فیصدی آبادی اگریکلچرسٹ ہے ۔ نود فیصدی لوگوں کو سہولتیں پہنچانے کا خیال آنریبل منسٹر کو ہونا چاہئے تاکہ انکی بھلائی ہو ۔ پلاننگ کے بغیر کوئی اگریکلچرل ڈیولپمنٹ (Agricultural Development) نہیں ہوسکتا ۔ مگر ہم دیکھتے ہیں کہ بغیر پلاننگ کے کوئی بھی کام اندھا دھند طور پر انجام دیا جاتا ہے ۔ پلاننگ کے ذریعہ اکسپریمنٹ (Experiment) کر کے اسٹیٹ کو خود مکتفی بنانا چاہئے ۔ آنریبل منسٹر کو چاہئے کہ اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ کے تحت جتنے ڈپارٹمنٹس کھولے گئے ہیں اون پر کافی نگرانی رکھیں اسکا خیال رکھیں کہ ان میں کرپشن (Corruption) نہ ہونے پائے ۔ لیکج اینڈ وسٹیج (Leakage and Wastage) نہ ہونے پائے اور جو احکام ہو وہ بروقت انجام پائے ۔ کوئی کام بروقت نہ ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ اوس سے جو فائدے حاصل ہونے چاہئیں نہیں ہوسکتے ۔ اگر بروقت کام نہ کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ کا تمام کام کپہ ہوجائیگا ۔ تقاوی کی تقسیم کا کام بروقت ہونا چاہئے ورنہ کاشتکار کو اوس سے استفادہ کا موقع نہیں ملتا ۔ اسیطرح سیڈس کی وقت پر تقسیم کا انتظام بھی ہونا چاہئے ورنہ موسم گزرنے کے بعد سیڈس فراہم بھی کئے جائیں تو بے سود ہوتے ہیں ۔ کوئی کام وقت پر نہ کر کے اتنے عہدہ داروں کو اور آرمی آف امپلائیزس (Army of employees) کو پرورش کرنے کا خیال ہے تو اور بات ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ تیزی اور پھرتی سے وقت پر کام ہوا کرے تو حقیقی فائدہ کاشتکاروں کو ہوسکتا ہے ۔ بہرحال عہدہ داروں میں اور عوام کی فلاح و بہبود کے جذبے کے پیدا کرنے کی ضرورت ہے ۔ اوسی صورت میں یہ ڈپارٹمنٹ کارآمد ہوسکتا ہے ۔ افیشینسی (Efficiency) کے پیدا کرنے کی بڑی ضرورت ہے ۔ آج حالت یہ ہے کہ دیش کی زمین کا ایک بڑا حصہ کلٹیویشن (Cultivation) میں نہیں لایا گیا ۔ سنٹر سے فائیو ایر ڈیولپمنٹ پلان (Five year Development Plan) کے تحت بارہ لاکھ روپیہ ملے تھے ۔ اس سال شاید ۳ ، لاکھ کی اپیل کیگئی ہے ۔ معلوم نہیں کہ اس اپیل کو منظور کرانے میں ہمارا اسٹیٹ کہاں تک کامیاب ہوگا ؟ اسطرح پانچ سال میں تقریباً (۵۰) لاکھ روپیہ ملینگے ۔ اسکو اسطریقہ پر خرچ کرنا چاہئے کہ ہمارے کاشتکاروں کو فائدہ پہنچے ۔ مینیور (Manure) کیلئے ایک لاکھ روپیہ رکھے گئے ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اتنے بڑے اسٹیٹ میں زراعت کیلئے ایک لاکھ کا مینیور سپلائی کرنے سے کیا فائدہ ہوگا ؟ ہوگا یہ کہ صرف بڑے بڑے لوگ اس سے استفادہ کرینگے اسلئے کہ کاشتکار کی اقتصادی حالت (Economic Condition) اتنی خراب ہے کہ بہت تھوڑے بڑے بڑے زمیندار خریدلیتے ہیں ۔

اسلئے میں کہونگا کہ ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ ہر کسان اوسے استعمال کرسکے ۔ ہر کسان کو مینیور کے استعمال کے طریقہ بتائے جائیں اور اسکی مقدار بھی بتائی جائے کہ کتنی زمین میں کتنا مینیور استعمال کرنا چاہئے ۔ ریوینیو وصول کرنے والے عہدہ داروں کے ذریعہ کسانوں کو ترغیب دیجائے کہ وہ مینیور استعمال کریں ۔ بلکہ اسکو کمپلسری (Compulsory) کردیا جائے کہ سائینٹیفک ریسرچ (Scientific Research) کے بعد جو مینیور مفید ثابت ہوچکا ہے اوس سے فائدہ حاصل کیا جائے ۔ اگر ایسا نہ کیا جائے بلکہ صرف باتیں بنائی جائیں تو کچھ کام نہیں ہوسکتا ۔ میں پھر یہ کہونگا کہ مینیور کے لئے جو ایک لاکھ روپیہ رکھے گئے ہیں وہ کافی نہیں ہیں ۔ یہی حال سیڈس کا ہے ۔ سیڈس (Seeds) زیادہ مقدار میں کاشتکاروں کو تقسیم نہیں کئے گئے ہیں ۔ سیڈس کی تقسیم موسم پر اور وہ بھی زیادہ سے زیادہ مقدار میں ہونی چاہئے تا کہ اچھے سیڈس سے زیادہ سے زیادہ کاشتکار استفادہ کرسکیں ۔

آئیل انجنس (Oil Engines) کیلئے ۲۷ ہزار روپیہ رکھے گئے ہیں ۔ موجودہ صورت میں یہ اسلئے زیادہ کارآمد نہیں ہوسکتے کہ ان سے صرف ایسے لوگ استفادہ کرسکتے ہیں جنکے قبضے میں اراضی کے بڑے بڑے رقبہ جات ہیں ۔ چھوٹے کاشتکار ان سے استفادہ نہیں کرسکتے ۔ آئیل انجنس اور ٹریکٹر یہاں اوسوقت تک کار آمد نہیں ہوسکتے جب تک کہ یہاں کی اراضیات کو کواپریٹیو فارمنگ سوسائٹی (Co-operative Farming Society) کے تحت اکھٹا نہ کیا جائے ۔ محدود کاشتکاروں کے محدود رقبوں میں یہ کارآمد نہیں ہوسکتے ۔ اگر ان سے کام لیا جانا مقصود ہو تو اسکی بھی ضرورت ہے کہ کلٹی ویبل لینڈ (Cultivable land) کو انڈر کلٹیویشن (Under cultivation) لایا جائے اسطرح جو لاکھوں ایکڑ رقبہ ان کلٹیویٹڈ Uncultivated ہے اسکو انڈر کلٹیویشن (Under cultivation) لانے کیلئے ایک بھومی سینا ( ) ترتیب دیجانی چاہئے اور لوگوں میں اس قسم کا جذبہ پیدا کرنا چاہئے تا کہ گرومور فوڈ کا کام حقیقت میں پورا کیا جاسکے ۔ محض پبلیسٹی (Publicity) کیلئے ۱۰ لاکھ روپیہ رکھدینے سے یہ کام پورا نہیں ہوسکتا حیدرآباد میں بیٹھے ہوئے پبلیسٹی کرنے سے کام نہیں چلیگا ۔ گاؤں گاؤں میں جاکر پروپیگنڈہ کرنا چاہئے اور کسانوں کو وہ جدید طریقے بتائے جانے چاہئیں جن سے زیادہ سے زیادہ غلہ اگایا جاسکتا ہے ۔ دیہاتوں میں ٹورنگ سینما شوز (Touring Cinema Shows) کے ذریعہ کاشت کے جدید طریقے بتائے جائیں گاؤں میں تو یہ کام نہیں کئے جاتے بلکہ صرف حیدرآباد شہر کے آس پاس موبائیل سینما کارس (Mobile Cinema Cars) پروپگنڈ کرتی پھریں تو اس سے کوئی فائدہ نہوگا ۔

در اصل شہر کے قریب ایسی چیزوں کو اس لئے قائم رکھا جاتا ہے کہ جب کبھی ہمارے بڑے بڑے نیتا جیسے پنڈت نہرو وغیرہ ہیں شہر آئیں تو اون کو موٹر کار میں بٹھا کر یہ چیزیں بتائی جا سکیں ۔ اسی لئے یہ چیزیں حیدرآباد کے اردگرد ہی رکھنے کی کوشش کیجاتی ہے ۔ اگر آپ ایسا کرتے رہینگے تو آپ کی پوری حکومت شہروں تک ہی

محدود رہ جائیگی - آپ کو اسے کاموں کو زیادہ پھیلانا چاہئے - کانگریسی حکومت کو چاہئے کہ وہ دیہاتوں کی طرف نظر ڈالنے کی کوشش کرے - کمیونٹی پراجکٹس کے لئے بھی جو مقامات منتخب کئے جاتے ہیں اور کئے گئے ہیں وہ بھی شہر سے قریب ہی ہوتے ہیں - اس اسکیم کو گاؤں میں نہیں پھیلایا جاتا - جب تک آپ گاؤں میں جاکر وہاں کے کسانوں اور لوگوں کے آگے یہ چیزیں نہ رکھینگے انہیں اس سے فائدہ حاصل کرنے کا کوئی موقع نہیں ملے گا - اس لئے میں کہونگا کہ کمیونٹی پراجکٹس کے لئے جو مقام منتخب کئے گئے ہیں وہ قابل غور ہیں - وہ اس قابل نہیں ہیں کہ اون کے لئے رقم منظور کیجائے -

اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ کے متعلق میں یہ کہونگا کہ اسٹاف - اگریکلچرل انجینیرنگ - اگریکلچرل اکسپریمنٹس - بورنگ آپریشنس اور امپرومنٹ آف اگریکلچرل مارکٹنگ آف انڈیا وغیرہ کے لئے (۷۲,۸۶,۰۰۰) روپیہ رکھے گئے ہیں - اس سے عوام کو کیا فائدہ ہورہا ہے میری نظروں میں تو نہیں آرہا ہے -

سپلائی ڈپارٹمنٹ کے لئے (۱) کروڑ (۱۶) لاکھ روپیے رکھے گئے ہیں - اور اس کے لئے بجٹ میں کوئی علحدہ آئیٹم نہیں بتلایا گیا بلکہ مسیلینیس (Miscellaneous) کے تحت رقم بتائی گئی ہے - اس کے تحت گنی بیگس (Gunny bags) اور ٹرانسپورٹ وغیرہ پر (۱۰) لاکھ کی رقم بتائی گئی ہے - میں سمجھنے سے قاصر ہوں کہ گنی بیگس جو پرانے ہوجاتے ہیں وہ کیا ہوجاتے ہیں ؟ ان اخراجات کی وجہ سے کیا فائدہ ہورہا ہے وہ معلوم نہ ہوسکا - حیدرآباد کمرشیل کارپوریشن بھی اس طرح کام کرتا تھا کہ کروڑہا روپیہ کا نقصان اوس کو اٹھانا پڑا - اگر ایک شخص اس کام کو چلاتا تو میں سمجھتا ہوں وہ لکھ پتی بن جاتا - لیکن بدقسمتی سے ہماری حکومت جس چیز کو چھولیتی ہے وہ چیز برباد ہوجاتی ہے اور اوس میں نقصان ہوتا ہے - غلہ درآمد کرنے میں (۲) کروڑ روپیے کا نقصان ہوا - غلہ پریزرو (Preserve) کرنے کیلئے جو گودام بنائے گئے ہیں اون کی وجہ سے لاکھوں من غلہ برباد ہوگیا - میں اگر یہ کہوں کہ کانگریس حکومت کا ہاتھ دگدھ ہست ( ) ہے تو بیجا نہ ہوگا - ہر اسکیم میں نقصان ہوتا جارہا ہے - سپلائی ڈپارٹمنٹ گوداموں پر جو خرچ کررہا ہے اگر اوس کا صحیح استعمال کیا جاتا تو لاکھوں کی بچت ہوسکتی تھی - سبسیڈیز (Subsidies) کے لئے ۱۳ لاکھ (۷۱) ہزار کا موازنہ رکھا گیا ہے کس کو سبسیڈی دیجارہی ہے اسکی تفصیلات معلوم نہ ہوسکیں - اس لئے اس کے متعلق میں کچھ نہیں کہہ سکتا - کنٹنجنسی (Contingency) کے لئے (۱۰) لاکھ روپیہ رکھے گئے ہیں یہ کس طرح خرچ ہونگے اگر آنریبل منسٹر اکسپلین (Explain) کریں تو مناسب ہوگا - کمیونٹی پراجکٹس کے سلسلہ میں جو نمائشی کام ہو رہا ہے اوس کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں - آنریبل منسٹر خود اس سلسلہ میں بتاچکے ہیں - اس وقت دو کمیونٹی پراجکٹس ہاتھ میں لئے جا رہے ہیں - تین سو دیہات کے ایک گروپ میں یہ کام ہو رہا ہے - تین سو دیہات کے ایک اور گروپ میں بھی کام شروع کردیا گیا ہے - اس [illegible] سوولیجس (Villages) [illegible] ایک سو ولیجس کا ڈیولپمنٹ پلاک

(Development Block) بنایا گیا ہے ۔ اس طرح جملہ سات سو ولیجس میں کام شروع کردیا گیا ہے اور اس کے لئے ہزارہا روپئے خرچ کئے جارہے ہیں ۔ لیکن جو کام ہو رہا ہے وہ نمائشی ہو رہا ہے اس کا نتیجہ بالکل برعکس نکلے گا اور آئندہ چل کر حکومت کو معلوم ہو جائیگا کہ وہاں کے آفیسرس نے کس طرح کام انجام دیا ۔ وہاں بڑے بڑے آفیسرس تشریف لیجاتے ہیں ۔ فوٹو نکالتے ہیں ۔ اور بس ۔ اس پر یہ کہا جاتا ہے کہ لوگوں کی بھلائی کے لئے کام کئے جا رہے ہیں ۔ جب تک یہ آفیسرس اکانمی کے جذبے سے کام نہیں کرینگے کمیونٹی پراجکٹس کامیاب نہیں ہونگے ۔ بلکہ اس کا برعکس نتیجہ نکلے گا اور حکومت اور عوام دونوں کو پچھتانا پڑے گا ۔ کمیونٹی پراجکٹس کے لئے اگر چیکہ (۱۸) لاکھ روپیہ رکھے گئے ہیں لیکن جب تک دلچسپی سے کام نہ کیا جائیگا کوئی فائدہ نہ ہوگا ۔ پرجا سوشلسٹ پارٹی کا یہ کہنا ہے کہ کمیونٹی پراجکٹس کے سلسلہ میں وہ حکومت سے کوآپریٹ (Co-operate) کرنے کے لئے تیار ہے ۔ کیونکہ ہماری حکومت جب ایک مرتبہ کمٹ (Commit) کرچکی ہے اور لونس (Loans) حاصل کرچکی ہے تو اس کو نباہنا ضروری ہے ۔ اس لئے ہم آپکی پارٹی سے باہر رہ کر بھی اس سلسلہ میں کوآپریٹ کرنے اور کنسٹرکٹیو سجیشنس (Constructive Suggestions) دینے کے لئے تیار ہیں ۔ خواہ آپ اس کو قبول کریں یا ٹھکرادیں ۔ لیکن ہم یہ بھی ضرور کہینگے کہ جو کام ہو رہا ہے وہ نمائشی ہو رہا ہے ۔ شوئی (Showy) ہو رہا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس طریقہ سے آپ اتنا پیسہ خرچ کرکے کچھ فائدہ حاصل نہ کرسکینگے ۔ اسکو بخوبی جان لینا چاہئے ۔

شری جی ۔ گوپال راؤ (پاکھال) ۔ مسٹر اسپیکرسر ۔ ہندوستان ایک زرعی ملک ہے اسکے ساتھ ساتھ حیدرآباد بھی اسکا ایک حصہ ہے ۔ لیکن یہاں غلہ کی کمی بتلائی جا رہی حیدرآباد میں (۳۰) ہزار ٹن غلہ کی کمی محسوس کی جارہی ہے گورنمنٹ کی رپورٹ سے ظاہر ہے کہ غلہ کی اس کمی کو پورا کرنے کے لئے باؤلیوں کی مرمت اور کھدائی کے لئے اگریکلچر ڈپارٹمنٹ کی جانب سے پانچ سال کے لئے پروگرام بنایا گیا ہے ۔ اپنے ملک کو خود مکتفی بنانے کی پوری ذمہ داری اگریکلچر ڈپارٹمنٹ پر ہے ۔ اس لئے میں دو چار سجیشنس آپ کے سامنے رکھونگا میں استدعا کرونگا کہ آپ اسکو ریوائز کریں اور یہ دیکھیں کہ کونسا پلان پہلے لینے سے کامیابی حاصل ہوسکتی ہے ۔ یہ کہا گیا کہ (۳۰) ہزار ٹن چاول کی کمی محسوس کی جا رہی ہے ۔ ہمارے پاس (۱۷) ہزار ٹن زائد جوار موجود تھی جو باہر بھیجدیگئی ۔ اگر اس کو روک لیا جاتا تو صرف (۲۳) ہزار ٹن غلہ کی کمی رہ جاتی تھی ۔ کس طرح غلہ حاصل کیا جاسکتا ہے اور کس طرح حیدرآباد کو غلہ کی حدتک خود مکتفی بنایا جاسکتا ہے اس سلسلہ میں میں دو چار سجیشنس رکھونگا ۔ بجٹ میں باؤلیوں ۔ تالابوں کی مرمت اور ٹریکٹرس اور آئیل انجنس کے لئے رقم رکھی گئی ہے ۔ سنہ ۳۱ ۔ ۳۲ میں اوسط پیدا وار کی شرح (۱۱) من فی ایکر تھی لیکن سنہ ۵۱ ۔ ۵۲ میں یہ شرح (۸) من ہی رہ جاتی ہے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پیدا وار کی قوت گررہی ہے ۔ اگر ان سجیشنس پر عمل کیا جائے تو نہ صرف یہ

کہ ضرورت کے مطابق غلہ پیدا ہوگا بلکہ وہ سرپلس بھی ہو جائیگا - یہ اگریکلچر ڈپارٹمنٹ کی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ دیکھے کہ اس کو کس طرح آگے بڑھایا جاسکتا ہے اور زمین کی پیدا وار میں کس طرح سے اضافہ کیا جاسکتا ہے - اگریکلچر ڈپارٹمنٹ نے غلہ کی کمی کو پورا کرنے کے لئے جو اسکیم بنائی ہے اوس کے تحت (۹) ہزار نئی باؤلیاں کھودنے اور (۳) ہزار پرانی باؤلیوں کی مرمت کے لئے ۲ کروڑ ۲۵ لاکھ روپیہ رکھے گئے ہیں - فی باؤلی (۲۵۰۰) روپئے کا اندازہ لگایا گیا ہے اس طرح چار ہزار پرانی باؤلیوں کی مرمت کے لئے (۲۵) لاکھ روپیہ رکھے گئے ہیں اور باقی نئی باؤلیوں کے لئے ہیں - اس طرح جملہ ۲ کروڑ ۳۰ لاکھ روپئے تفاوی کے لئے رکھے گئے ہیں یہ پروگرام پانچ سال کے لئے ہے - جب یہ پوری باؤلیاں (۵) سال کے عرصہ میں تیار ہو جائینگی تو اس سے (۷۰) ہزار ایکر کا مزید رقبہ زیر کاشت آئیگا - میرا خیال ہے کہ (۲۳) ہزار ٹن غلہ کی کمی کو پورا کرنے کے لئے (۸۲) ہزار ایکر زائد زمین کو زیر کاست لانا پڑیگا - لیکن موجودہ اسکیم سے معلوم ہوتا ہے کہ اتنی باؤلیاں تیار کرنے کے باوجود بھی (۷) ہزار ایکر زمین ملے گی اور (۱۲) ہزار ایکر زمین پھر بھی باقی رہیگی - اور اس (۷۰) ہزار ایکر زمین کو حاصل کرنے کے لئے جو رقم خرچ کرنی پڑیگی اوس میں (۳۵) لاکھ کا نقصان بھی برداشت کرنا پڑیگا کیونکہ حکومت کی جانب سے بعد میں فی باؤلی (۵۰۰) روپیہ معاف کردینے کا وعدہ کیا گیا ہے - پھر یہ بھی ممکن ہے کہ ان (۲۵۰۰) روپیوں میں باؤلی تیار نہ ہوسکے بلکہ کچھ زیادہ پیسے خرچ ہو جائینگے کیونکہ کہیں پانی نکلے گا اور کہیں نہیں نکلے گا - کہیں باؤلی کھودتے وقت پتھر برآمد ہونگے - غرض ان چیزوں پر بھی غور کرنا ہوگا - میرا اس سے یہ منشاء نہیں کہ باؤلیاں کھودنے کی اسکیم کی مخالفت کروں - بلکہ میرا کہنا یہ ہے کہ اس کی بجائے دوسری اسکیم پر عمل کیا جائے - اس وقت (۲۹۱۵) شکستہ تالاب حیدرآباد میں موجود ہیں - ان کے تحت (۱,۹۰,۰۰۰) ایکر زمین کاشت ہے - ان پر (۲,۳۶,۰۰۰) کا خرچہ ہوگا - باؤلیوں کے لئے جو رقم خرچ ہوگی وہ دو کروڑ پچیس لاکھ ہے اگر چیکہ اس اسکیم میں اور اوس اسکیم میں دس بارہ لاکھ کا تفاوت ہے مگر شکستہ تالابوں کی مرمت کے بعد جو زائد زمین زیر کاشت مل سکے گی وہ (۱,۹۰,۰۰۰) ایکر ہوگی - ہم کو غلہ کی کمی کو پورا کرنے کے لئے (۸۲) ہزار ایکر زمین کی ضرورت ہے لیکن اس اسکیم سے اس سے زائد زمین یعنی (۱,۹۰,۰۰۰) ایکر زمین ملیگی - اگر پیدا وار کی موجودہ رفتار کا ریشو (Ratio) ہی باقی رہے تو بھی غلہ کی کمی پوری ہوسکتی ہے - بلکہ سرپلس غلہ حاصل ہوسکے گا دوسری چیز یہ ہے کہ پہلے اسکیم سے مالگزاری کی آمدنی زائد وصول نہ ہوگی بلکہ وہی دھارا برقرار رہیگا لیکن دوسری اسکیم سے حکومت کو سالانہ (۲۹) لاکھ کی زائد آمدنی حاصل ہوگی - اور آنریبل منسٹر کو یہ ٹیکس لگانے - وہ ٹیکس لگانے - اس میں گھٹانے - اوس میں گھٹانے کی ضرورت نہ ہوگی - اس کے علاوہ یہ بھی دیکھنا پڑیگا کہ مزید صرفہ کاشتکار کو باؤلیوں کے سلسلہ میں [illegible] کرنے کے بعد کیا اوس کی قوت خرید باقی رہیگی - باؤلیوں کی اسکیم کے تحت [illegible] لاکھ ٹن چاول حاصل کرنے کے لئے (۱۰,۲۰,۰۰۰) [illegible] جملہ خرچہ ہوگا اوس سے

منجملہ دو کروڑ روپئے گورنمنٹ خرچ کریگی اور باقی ایک کروڑ روپئے کاشتکار اپنی جانب سے خرچ کرینگے ۔ کیا اتنا روپیہ آج حیدرآباد کے کاشتکاروں سے مل سکیگا ۔ باؤلیوں کی اسکیم سے صرف (۱۳) ہزار کسان مستفید ہوسکینگے ۔ لیکن تالابوں کو درست کرنے کی اسکیم کے تحت (۱۹۰۰۰۰) زائد زمین کاشت کے لئے ملیگی اور (۵۰) ہزار کاشتکار اس سے فائدہ حاصل کرسکینگے ۔ اس کے علاوہ باؤلیوں کے تحت کاشت کرنے کے اخراجات بڑھ گئے ہیں جسکی وجہ سے اس رقم سے وہ ضروریات پوری نہیں ہوسکتیں ۔ اس لئے میں آنریبل منسٹر سے یہ عرض کرونگا کہ یہ اسکیم روک دیجائے اور دوسری اسکیم جو میں نے پیش کی ہے اوس پر عمل کرنے کی کوشش کی جائے تو مناسب ہوگا ۔

دوسری بات ٹریکٹرس کے سلسلہ میں عرض کرنی ہے ۔ ۶۰ فیصد اور (۴۰) فیصد کے حساب سے رعایا کو ٹریکٹرس تقاوی پرسپلائی کئے جا رہے ہیں ۔ جو طریقہ سپلائی ڈپارٹمنٹ نے ٹریکٹرس کے سلسلہ میں اختیار کیا ہے اوسکی وجہ سے ان ٹریکٹرس کو صرف وہی آدمی خرید سکتا ہے جو ۵۰ - ۶۰ ہزار کی مالیت رکھتا ہو اور اوس آدمی کو ہی فائدہ ہوسکتا ہے ۔ تقریباً (۲۷) ٹریکٹرس تقاوی پر سپلائی کئے گئے ہیں ۔ اس کے معنے یہ ہیں کہ (۱۵) ٹریکٹرس گورنمنٹ کے ہیں اور چھ یا سات ٹریکٹرس ذاتی ہیں جس کی وجہ سے چھوٹے کاشتکار کو کچھ بھی فائدہ نہیں ہو رہا ہے ۔ دوسری چیز یہ ہے کہ ان ٹریکٹرس کو کمرشیل پرپرنس (Commercial purposes) کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔ اس سے کاشتکاروں کو کسی قسم کا فائدہ نہیں ہوسکتا ۔ اس لئے میں یہ سجیشن دیتا ہوں کہ اس وقت گورنمنٹ کے پاس جو (۱۵) ٹریکٹرس ہیں وہ اور جو ٹریکٹرس تقاوی پر دئے گئے ہیں انکو محکمہ زراعت کو دیا جائے تاکہ اس کے توسط سے کسان انکو استعمال کرسکیں ۔ اس سے کاشتکاروں کو زیادہ فائدہ ہوگا ۔ جو (۵) ٹریکٹرس تقاوی پر دئے گئے ہیں وہ واپس لے لئے جائیں اور آئندہ سے تقاوی پر دینا بند کردیا جائے جو ٹریکٹرس حکومت آئندہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے اوسے ختم کردیا جائے اور آئندہ کوئی رقم اس میں انوسٹ (Invest) کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ جو سہولت تقاوی کے ذریعہ حکومت دینا چاہتی ہے وہ اگریکلچر ڈپارٹمنٹ کے پاس ہی رکھی جائے تو مناسب ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ تلنگانہ کے مقابلہ میں مرہٹواڑہ میں ٹریکٹرس زیادہ مفید ثابت ہوئے ہیں ۔ جہاں تک میرا خیال ہے انکی تلنگانہ میں اتنی زیادہ ضرورت نہیں ہے ۔

بورنگ مشینس (Boring machines) کا بھی ایک سوال آیا ہے ۔ پرسوں ہی آنریبل چیف منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ مزید دس بورنگ مشینس منگوائے جارہے ہیں ۔ اس وقت محکمہ زراعت کے پاس ۱۰ بورنگ مشینس ہیں ۔ ان میں ایک ڈریلنگ مشین (Drilling machine) بھی ہے ان مشینس کی کیاسٹی (Capacity) پتھر ہونیکی صورت میں فی یوم ۲ - ۳ انچ بور (Bore) کرنیکی ہے لیکن اگر نرم زمین ہوتو ۲ فٹ تک وہ بور کرتی ہے ۔ یہ انجینیرس کا خیال ہے جو اگریکلچر ڈپارٹمنٹ میں ہیں ۔ یہ بھی خیال کیا جا رہا ہے کہ پانی کا لیول نیچے

جارہا ہے اسلئے جو (۱,۲۵,۰۰۰) باؤلیاں ہمارے پاس ہیں انکو اچھی حالت میں رکھنے کے لئے بورنگ مشینس کی ضرورت ہوگی - اسلئے میری استدعا ہے کہ مزید ۳۰ - ۴۰ بورنگ مشینس منگائے جائیں -

باؤلیوں میں پانی کی کمی سے متعلق بھی عام طور پر شکایت پائی جاتی ہے - ہر تعاقہ سے بورنگ کے لئے کئی درخواستیں آئی ہیں - لیکن ہمارے پاس اس کا کوئی انتظام نہیں ہو رہا ہے کیونکہ ڈپارٹمنٹ کی اتنی کیپاسٹی ہی نہیں ہے - ان تمام چیزوں کو بڑی آسانی کے ساتھ ایڈجسٹ کیا جاسکتا ہے اگر باؤلیاں کھدوائی جائیں اور جو باؤلیاں پہلے سے قائم ہیں انکی بہتر طریقہ پر نگرانی کی جائے - میرا یہ بھی خیال ہے کہ آنریبل منسٹر فار اگریکلچر دوسرے مدات میں تھوڑی بہت کمی کریں تو کافی رقم اس کام کے لئے بچائی جاسکتی ہے -

حیدرآباد میں تری زراعتی زمین ۱۶ لاکھ ایکڑ ہے جسکا (۱/۴) حصہ یعنی ۴ لاکھ ایکر چوڑ کی زمین ہے - ہر موضع اور ہر مقام پر یہ دیکھا جا رہا ہے کہ وہاں بہت سی زمین بیکار پڑی ہوئی ہے کیونکہ ان میں بعض زمینات ایسی ہیں جہاں دو من پیدا وار بھی نہیں ہوتی - چوڑ کی زمین کو قابل کاشت بنانے کے لئے اگریکلچر ڈپارٹمنٹ جو ریسرچ ورک (Research Work) کرتا ہے وہ بہت ہی مہنگا پڑتا ہے چنانچہ اس کے تحت تقریباً ایک ہزار بنڈی آگ کی لکڑی اور مختلف قسم کے کھاد دینے کی تجویز کرتا ہے - اگر فی بنڈی ۴ - ۸ آنے کے حساب سے ہی قیمت کا تخمینہ کیا جائے تو تقریباً ۵۰۰ روپیہ صرف آگ کی لکڑی پر صرف کرنا پڑیگا جسکو ہمارا کسان برداشت نہیں کرسکتا - اگر چوڑ کی زمین کو درست کرنا ہو اور اسکو زراعت کے لئے مفید بنانا ہو تو اس پر ۵۰۰ روپیہ یا اس سے بھی زائد صرفہ کرنا پڑتا ہے لیکن باہر ۲۰۰ روپیہ میں زمین خریدی جاسکتی ہے - اسکے علاوہ میں نہیں سمجھتا کہ آگ کی لکڑی ہمارے اسٹیٹ میں ہر جگہ ہوتی ہے - آگ کی لکڑی پیدا کرنے اور اسکو سربراہ کرنے کے لئے ہمارے جنگلات کے منسٹر صاحب سے اپیل کرنا پڑیگا جو ایک طول عمل ہے - بہر حال اسکی نسبت مناسب اقدام حکومت کی جانب سے ہونا چاہئے - چونکہ وقت کم ہے اسلئے میں زیادہ تفصیل کے ساتھ اس ضمن میں اپنے خیالات کا اظہار نہیں کرسکتا -

اسکے بعد آئیل انجنس کے بارے میں مختصراً مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ابتک ۱۰۰ آئیل انجنس گورنمنٹ کی جانب سے دئے گئے ہیں اور مزید ۴۰۰ خریدے گئے ہیں - لیکن حیدرآباد میں آئیل انجنس کا کوئی ورکشاپ ہی نہیں ہے اگر چھوٹے موٹے ورکشاپ ہیں بھی تو وہاں انکو درست کروایا جائے تو اخراجات بہت بڑھ جاتے ہیں - اسکی مشنری کے ماہر انجینرس بھی موجود نہیں - جو لوگ کام کرتے ہیں ان میں سے کوئی کہتا ہے کہ فلاں چیز خراب ہوگئی ہے اسکو بدلنا چاہئے کوئی کہتا ہے کہ نہیں بلکہ اس پارٹ کو بدل دیجئے - غرض کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ - ہندوستان کا کاشتکار بلاشبہ جدید مشنری کے استعمال اور اسکی نزاکتوں سے واقف نہیں ہے - اس قسم کی زراعتی مشنری رکھنے والے ہر کسان کے لئے ورکشاپ کھولا جائے تو مناسب ہے - اس

بارے میں منسٹر صاحب کو گھبرانے کی ضرورت نہیں کیونکہ درستگی کے جو چارجس باہر کے ورکشاپس میں دئے جاتے ہیں وہی یہاں بھی دئے جائینگے - ایسے ورکشاپس کے کھولے جانے سے ایک طرف آئیل انجنس کی درستگی میں سہولت ہوگی انکو اطمینان بخش طریقہ پر درست کیا جاسکے گا اور دوسری طرف اس تجویز پر عمل کرنے سے بیروزگاری کے مسئلہ کو بھی ایک حدتک حل کیا جاسکتا ہے - اور یہ ورکشاپ سلف سفیشینٹ (Self-Sufficient) طریقہ پر کام کرسکتے ہیں -

اسکے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ڈیزل آئیل کی قیمتوں میں بہت فرق پایاجاتا ہے - کہیں اسکی قیمت ایک روپیہ چودہ آنے ہے تو کہیں دو روپیہ چار آنے ہیں - نیز یہ کہ اسکے حصول میں بڑی دقت ہوتی ہے اسلئے گورنمنٹ کی جانب سے گنہ کا انتظام کیا جائے جیسا کہ آر - ٹی - ڈی کے لئے کیا گیا ہے - اگر ایسا انتظام کیا جائے تو جسطرح آر - ٹی - ڈی میں فی گیالن آئیل ایک روپیہ دو آنے کے حساب سے ملتا ہے ویسا ہی یہاں بھی سستے داموں پر یہ آئیل حاصل کیا جاسکتا ہے - اس طرح کی بہت سی چیزیں ہیں جنہیں منسٹر صاحب کے علم میں لانا ہے لیکن وقت کی کمی کی وجہ سے میں مجبور ہوں - آئیل انجن کے تعلق سے مجھے صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ اس کے لئے تین ہزار روپیہ تقاوی دیجاتی ہے جو بالکل ناکافی ہے - ان تین ہزار روپیوں میں سوائے پیٹر انجن کے اور دوسرا انجن نہیں مل سکتا - اگر اچھے قسم کے لینا ہے تو کم ازکم چار ہزار روپیوں کی ضرورت ہوگی - پیٹر اور اس قسم کے بہت سارے ناقص انجنس تین ہزار روپیہ میں مل سکتے ہیں جنکو کاشتکار رقم کی گنجائش نہ ہونیکی وجہ مجبوراً خریدتا ہے جو سال چھ ماہ کے اندر بیکار ہوجاتے ہیں جس سے تقاوی کا مقصد ہی فوت ہوجاتا ہے اسلئے تقاوی کی رقم کے لئے اضافہ کیا جائے تو مناسب ہے - میں امید کرتا ہوں کہ آنریبل منسٹر اس پر غور فرمائیں گے - اسکے علاوہ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انجنس کے معاملہ بہت گڑبڑ گھٹالا ہے - جو سرٹیفائیڈ ڈیلرس ہیں اور ۱۰ - ۱۵ سے یہ کام کر رہے ہیں انکے بجائے نئے لوگوں کو انجنس کی سپلائی کے لئے موقع دیا جا رہا ہے - پہلے تو وہ اپنا بزنس (Business) جانے کی خاطر کہتے ہیں کہ اسکی آئیلنگ (Oiling) وغیرہ کرتے رہینگے - اسپیر پارٹس (Spare parts) موجود ہیں ہم سپلائی کرسکتے ہیں لیکن بعد میں کسانوں کو پریشان ہونا پڑتا ہے ان مشکلات کو دور کرنے کے لئے سرٹیفائیڈ ڈیلرس گورنمنٹ کی جانب سے مقرر کئے جانے چاہئیں - ان تمام باتوں پر غور کیا جانا چاہئے اور میں سمجھتا ہوں کہ مجھ سے زیادہ منسٹر فار اگریکلچر خود اس سے واقف ہیں - اسلئے میں اپیل کرونگا کہ ان باتوں پر غور کیا جائے اور ان پر عمل کرنے کی کوشش کی جائے تو مناسب ہوگا -

شری ورکانتم گوپالریڈی (میڈچل) مسٹر اسپیکرسر - آنریبل منسٹر فار اگریکلچرل کے ڈیمانڈس پر بہت سے آنریبل ممبروں نے اپنے قیمتی خیالات کا اظہار کیا ہے - لیکن ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ وہ کس حدتک حق بجانب ہیں کیا حقیقت میں وہ ہاؤز کے لئے غور کے قابل ہیں یا نہیں - لیکن جب ہم اسکی گہرائی میں جاتے ہیں تو یہ

صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جس طرح ایک کتاب پڑھکر رد و قدح کی جاتی ہے ۔ اس پر تنقید کی جاتی ہے ۔ بالکل اسی طرح کی بحث یہاں پر بھی کی جا رہی ہے ۔ اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ یا تو آنریبل ممبرس جنہوں نے ایسی تنقید کی ہے وہ یا تو کاشتکاروں کے مسائل سے ناواقف ہیں یا ایک عام سٹیزن کی حیثیت سے رد و قدح کررہے ہیں ۔ پراکٹیکلی انکی تنقیدوں پر عمل کیا جاسکتا ہے یا نہیں وہ نہیں سوچ رہے ہیں ۔ وقت بہت کم ہے اسلئے زیادہ مسائل پر بحث نہ کرتے ہوئے میں صرف چند چیزیں ہاؤز میں غور کرنے کے لئے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ صحیح بات تو یہ ہے کہ ایسے اہم ڈیمانڈس پر کافی وقت ملنا چاہئے تاکہ ہاؤز کو یہ معلوم ہو جائے کہ زرعی مسائل کیا ہیں اور انہیں کسطرح حل کیا جاسکتا ہے کیونکہ آج ہمارے ملک کا سب سے بڑا مسئلہ زرعی مسئلہ ہی ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ہمارے کن کن علاقوں میں کن کن چیزوں کی کمی ہے تلنگانہ میں کیا کم ہے اور کیا زیادہ ہے ۔ مرہٹواڑہ میں کس چیز کی پیداوار زیادہ ہوتی ہے اور کس چیز کی کم ۔ ہمیں اس بات پر غور کرنا ہے ۔ آپکو معلوم ہے کہ عوامی حکومت کے قائم ہونے کے بعد ہماری پالیسیوں میں بہت زیادہ تبدیلیاں ہوئی ہیں ۔ اس سے قبل ہمارے پاس کنٹرول تھا۔ لیکن جو چیزیں ہمارے ملک میں زیادہ ہوتی ہیں ان پر سے اب کنٹرول اٹھادیا گیا ہے ۔ اور جو چیزیں کم ہوتی ہیں ان پر ابھی کنٹرول رکھا گیا ہے ۔ چنانچہ چاول کی ہمارے پاس ۴۰ ہزار ٹن کی کمی ہے ۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے ہمیں کیا اصول اختیار کرنا چاہئے اس پر ہمیں غور کرنے کی ضرورت ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ گورنمنٹ نے اسبارے میں " زیادہ غلہ اگاؤ " مہم کا آغاز کیا ہے لیکن اسکے علاوہ ہمیں یہ بھی کرنا چاہئے کہ جہاں پانی نہیں ہے وہاں تالاب کنٹے اور باؤلیاں بنوائی جائیں ۔ تخم سپلائی کئے جائیں وغیرہ ۔ چنانچہ یہ کام بھی کیا جا رہا ہے ۔ گذشتہ سال سے حکومت نے اس کا بھی انتظام کیا ہے کہ زرعی مزدوروں اور کسانوں کو جب انہیں فرصت رہتی ہے پندرہ دن کی ٹریننگ دینے کے لئے اسکولس کھولے ہیں ۔ ایسے اسکولس حلقہ واری کھولے جا رہے ہیں اور رعایا کو زرعی معاملات میں ٹریننگ دینے کا انتظام کیا جارہا ہے ۔ میں ان آنریبل ممبر سے جنہوں نے اسطرف اشارہ کیا ہے پورا پورا اتفاق کرتا ہوں ۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ کاشتکاروں کی جو زبان ہے وہ جدا ہے اور سرکار کی زبان جدا ہے ۔ اسلئے وہ نہیں جانتے کہ انہیں کیا سمجھایا جا رہا ہے ۔ اس مشکل پر قابو پانے کے لئے مختلف علاقوں کے کسانوں کی زبان کا لحاظ کرتے ہوئے ٹریننگ کا انتظام ہونا چاہئے ۔ اسکے علاوہ بیروزگاری کا بھی سوال ہے ۔ سوال یہ ہے کہ آیا ان ملازمین کو جو علاقہ واری زبانیں نہیں جانتے رکھنا چاہئے یا نہیں ۔ یہ سوال میں آنریبل منسٹر کے غور کے لئے چھوڑتا ہوں کیونکہ وقت بہت ہی کم ہے اور مجھے اپنے مطالبات آنریبل منسٹر کے سامنے رکھنا ہے ۔

لیبر ویلفیر کے لئے حیدرآباد سٹی میں ۰۰ لاکھ روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے ۔ دیہاتوں میں زرعی مزدور شہروں کے صنعتی مزدوروں سے بھی زیادہ تلاداد ہیں ۔ انہیں مکانات کی سخت ضرورت ہے ۔ ایک طرف مکانات تعمیر کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ انکی حالت بہت [illegible]

جو آئیلی انجنس سپلائی کئے جاتے ہیں اس سلسلے میں بھی یہ تحدید عائد ہونی چاہئے کہ ہمارے ملک کے بنے ہوئے آئیل انجنس استعمال ہوں ۔ باہر کے انجنس یہاں آنے سے ہمارے ملک کا پیسہ باہر جاتا ہے ۔ اسکی روک تھام کیجانی چاہئے ۔ یہاں کے انجنس استعمال ہونے سے یہاں کی انڈسٹری بھی ڈیولپ ہوگی اور ملک کا پیسہ ملک ہی میں رہیگا ۔ ممکن ہے ہمارے ملک کے بنے ہوئے انجنس اتنے بہتر نہوں لیکن رفتہ رفتہ وہ بہتر ہوتے جائینگے اگر انہیں استعمال کیا جاتا رہے ۔

'' زیادہ غلہ اگاؤ '' مہم کے تحت الکٹریسٹی سپلائی کرنے کی جو اسکیم ہے میں کہونگا کہ ضلع حیدرآباد کی حد تک تو اس سے رعایا کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا ہے ۔ حیدرآباد کے قریب کے مقامات پر جہاں بھاجی ترکاری کی کاشت ہوتی ہے وہاں الکٹریسٹی دیجاتی ہے ۔ وہاں بھی حال ہی میں معمولی اخراجات کے علاوہ فی ہارس پاور (٥) روپے اضافہ کردیا گیا ہے ۔ اسکی نوٹسس جاری ہوچکی ہیں جس سے رعایا پریشان ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ہمارے متصلہ صوبجات میں یہ بات نہیں ہے ایسی صورت میں سمجھ میں نہیں آتا کہ حیدرآباد میں ایسا کیوں کیا جارہا ہے ؟ رعایا سے (٢٨) لاکھ روپیے لیوی میں زاید وصول تو کئے جاتے ہیں لیکن انہیں برابر سہولتیں مہیا نہیں کی جاتیں ۔ میں امید کرتا ہوں کہ آنریبل منسٹر اس سلسلے میں سہولتیں بہم پہونچائینگے ۔

[Mr. Speaker in the chair]

مجھے یہ بھی کہنا ہے کاشتکار جب مال پیدا کرکے بازار میں لاتا ہے تو اسکو فائدہ پہنچانے کی کوشش نہیں کیجاتی ۔ اسلئے قیمتوں کا تعین صارفین کاشتکار اور گورنمنٹ تینوں ملکر کرنا ضروری ہے تاکہ محنت کرنیوالے کو حقیقی معاوضہ ملے ۔ امید ہے کہ آنریبل منسٹر ان باتوں پر توجہ دینگے ۔

چاول کی پیداوار بڑھانے کیلئے گزشتہ سال تالاب اور کنٹوں کی تعمیر کی منظوری دی گئی تھی لیکن آج تک وہ تکمیل نہیں پائے ۔ اسکی کیا وجہ ہے غیر ظاہر ہے ۔ ہمارے ضلع حیدرآباد میں اکثر تالاب مرمت طلب ہیں ۔ صرف ١٠٠٠ تالابوں کی مرمت ہوئی ہے ۔ ضلع حیدرآباد کے تعلقہ جات جو بہت زیادہ بیکورڈ (Backward) ہیں ان پر زیادہ خرچ کرنے کی ضرورت ہے ۔ کسانوں کو کئی سہولتیں دینے کی ضرورت ہے ۔ وہ موضع سے تعلقہ میں آنا چاہتے ہیں تو انکے لئے کوئی سہولت نہیں ہے ۔ کسانوں کے لئے بورڈنگس وغیرہ کی ضرورت ہے ۔ انکے بچوں کے لئے زرعی تعلیم کا مناسب انتظام نہیں ہے ۔ میں امید کرتا ہوں کہ آئندہ سال گورنمنٹ کی پالیسی میں ان امور کو شریک کیا جائیگا ۔

مسٹر اسپیکر ۔ اب ایک بجکر ٥ منٹ ہوچکے ہیں ۔ کیا یہ مناسب ہوگا کہ اب ڈھائی بجے تک بیٹھنے کی بجائے سہ پہر میں یہ وقت لے لیں ۔

شری بی ۔ رام کشن راؤ ۔ ٹھیک ہے ہم ساڑھے تین بجے بھی بیٹھ سکتے ہیں جب تک کہ سپلائی منسٹر کے جواب کے بعد سوشیل ویلفیر منسٹر کے ڈیمانڈ س لئے جائینگے ۔

مسٹر اسپیکر - ساڑھے تین کی بجائے ۴ بجے کا وقت ٹھیک رہیگا - اب ہم لنچ (Adjourn) ہوتے ہیں اور (۴) بجے ملینگے ؟ مگر اس وقت کوئی آنریبل ممبر تقریر کیلئے کھڑے نہوں - منسٹر صاحب ہی جواب دینگے -

The House then adjourned for lunch till Four of the Clock.

The House reassembled after lunch at Four of the Clock.

[Mr. Speaker in the Chair]

تیسری چیز مکانات کے سلسلہ میں عرض کرونگا کہ کچھ روپیہ مکانات کیلئے سوشیل سرویس کی جانب سے الاٹ (Allot) کیا گیا اور یہ کہا گیا کہ ان مکانات کیلئے زمینات فراھم کئے جائیں - جب ھم تحصیل میں جاتے ھیں تو وہ کہتے ھیں کہ دو چار سو روپیہ سوشیل سرویس سے آئے ھیں ھم کونسے گاؤں میں کتنی زمین لے سکتے ھیں اگر لیں تو اسکا معاوضہ کہاں سے ادا کریں - اور یہ بھی کہا جاتا ھے کہ ھریجن زمین کی نشان دھی نہیں کرتے اسکی کیا وجہ ھے - ھاؤز سے میں عرض کرونگا کہ دیہاتوں میں جو کہاریاں یا جو زمینات گاؤں کے اطراف ھیں وہ پٹیل بٹواریوں کی یا ذی اثر اشخاص کی ھوتی ھیں لہذا اگر ان زمینات کا مطالبہ کیا جائے تو ھریجنوں کو مشکل ھوجاتی ھے - وھاں عہدہ دار بھی ان حالات کو دیکھکر ضرورت کی تکمیل نہیں کرتے - نتیجہ یہ کہ ھریجنوں کو جو تکلیف صدیوں سے پہنچ رھی ھے اور پہنچائی جارھی ھے وہ اب بھی باقی ھے اسکے ساتھ ساتھ میں ھریجن طبقہ سے متعلق ایک اور چیز کا ذکر کرونگا کہ کامرس اینڈ انڈسٹریز ڈپارٹمنٹ (Commerce and Industries Dept.) کی جانب سے چار وغیرہ کے دھندوں کو فروغ دینے کیلئے بطور گرانٹ ان ایڈ (Grant-in-aid) (۲) لاکھ روپیے منظور کرنے والے تھے اسکا منسٹر صاحب سے میں نے ذکر کیا تو انہوں نے اختلاف ظاھر کیا - اسکے لئے کئی درخواستیں پیش کیگئیں لیکن اس سال ایک روپیہ بھی نہیں دیا گیا - گورنمنٹ خواہ مخواہ یہ پروپیگنڈہ کرنا چاھتی ھے کہ وہ ھریجنوں کیلئے سب کچھ کررھی ھے لیکن اصل میں کچھ نہیں کرتی - میں کہونگا کہ اس سے کچھ مقصد حاصل نہیں ھوسکتا - ان ھی لاکھ دو لاکھ روپیوں سے سات آٹھ سنٹرس بنائے جاسکتے تھے جن سے ملک کے بہت سے ھریجنوں کو فائدہ پہنچتا اور صنعت کی بھی ترقی ھوتی -

شری امباداس (یادگیر - محفوظ) - آنریبل ممبر کامرس اینڈ انڈسٹریز سے متعلق تقریر کررھے ھیں یا سوشیل سرویس سے متعلق -

श्री. विनाकरराव विद्यालंकार: आपने मुझसे कहा था और मैंने उसकी मुखालिफत की थी यह सच नहीं है। ये जो गँटस् अिन अड हैं अुनकी दरख्वास्तोंकी तहकीकात हो चुकी है अिसमें देरी जरूर लगी है। लेकिन अब ९३ दरख्वास्तें मंजूर हो चुकी हैं। वह दे दी जायगी।

شری گنپت راؤ واگھمارے - یہ جو کچھ بتا یا جارھا ھے وہ اس سال کی بابتہ ھے یا گزشتہ سال کی بابتہ ھے معلوم نہیں ھورھا ھے - عام طور پر جو معلومات مجھے ھیں اس لحاظ سے میں نے کہا ھے -

श्री. विनायकराव विद्यालंकार :– मैं आपसे नअी अिन्फर्मेशन दे रहा हूं आपको यह मालूम नहीं था अिसीलिअे आप बोल रहे हैं यह मैं जानता हूं।

شری گنپت راؤ واگھمارے - یہ انفرمیشن (Information) نئے سال کا ہے یا پرانے سال کا ہے مجھے کیا معلوم - ہر محبوں کے ساتھ جو رعایتیں کیجاسکتی ہیں وہ کیجانی چاہئیں - محض خیرات کے طور پر انکی مدد کرنے کی ذہنیت کو بدلنا چاہئے - معلوم نہیں کہ آنریبل منسٹرس کو زیادہ مصروفیات کی وجہ سے غریب عوام کی طرف توجہ کرنے کا موقع ہے یا نہیں - لیکن ملک کے غریب عوام کی مدد کرنا ملک کیلئے بہتر ہوگا اس سے ہمارا ملک سرسبز و شاداب ہوگا اور اسی میں ملک اور ملکیوں کی بھلائی ہے -

శ్రీ గంగారాం:

అధ్యక్షమహాశయా!

ఇప్పుడు ఒక సంవత్సరంనుంచి హరిజనులకు భూములు, గృహాలు ఇవన్నీ ఇస్తామని ప్రభుత్వము మంజూరు చేసింది. కాని ఇంతవరకు, నిర్మల్ తాలూకాలో ఉన్నటువంటి హరిజనులకు భూములు లేక ఇండ్లు లేక గృహాలు లేక బాధలు పడుతున్నారు. ప్రభుత్వం మంజూరు చేసినా, వాళ్ళకు భూములు లేక, ఇండ్లులేక నానా అవస్థలు పడుతున్నారు. వాళ్ళకు సాగుచేసుకోడానికి భూములు, ఉండటానికి ఇళ్ళు లేకపోవడంచేత భూస్వాముల వద్దనో, జమీందార్లవద్దనో జీతగాండ్రుగా ఉండి జీతాలు తీసుకుంటూ కాలము గడుపుతున్నారు. వాళ్ళను గురించి సంవత్సరం క్రితమే ప్రభుత్వము డబ్బు మంజూరు చేసినా, యీ హరిజనుల కోసము, ఆ డబ్బునుంచి ఏ మాత్రము, ఏ విధంగానూ ఖర్చుపెట్టబడడం లేదు.

హరిజనులకు విద్య విషయంలో కూడా కొంత డబ్బు మంజూరు చేసింది. పల్లెటూళ్ళలో పాఠశాలలో చదువుకొనే హరిజన విద్యార్థులకు డబ్బు ఇస్తామన్నారు. గాని ఏమీ ఇవ్వబడలేదు. టీచర్సు ఇంకా హరిజన విద్యార్థులను నాలుగడుగులు దూరముగానే కూర్చోబెడుతున్నారు. ఆ ఉపాధ్యాయులు హరిజన పిల్లలను మాలముండాకొడుకులని, శూద్రముండాకొడుకులని తిడుతున్నారు. గవర్నమెంటువారు పెట్టిన పాఠశాలల్లో ఉపాధ్యాయులే వాళ్ళను ఇల్లాంటి మాటలను అని దూరంగా కూర్చోబెడుతున్నారు.

వ్యవసాయ విషయంలో కూడా హరిజనులకు తక్కావీ ఇప్పించడానికి కొంత డబ్బు మంజూరు చేశారు. ఆ డబ్బు ఎటువంటివాళ్ళకు దొరుకుతోందంటే మాత్ గుజారీ ఎక్కువ కడుతున్నవాళ్ళకు, భూములు ఉన్నవారికే మాత్రమే దొరుకుతుంది గాని కష్టపడే వాళ్ళకు దొరకడం లేదు. భూమిని కష్టము చేసి సాగుచేస్తామని అనేవాళ్ళకు సహాయం చేయడంలేదు. కనుక గవర్నమెంటువారు దీనిపై శ్రద్ధ తీసుకోవాలని కోరుతున్నాను. వాళ్ళకు తక్కావీ ఇప్పిస్తేనే పైకి వస్తారనేది గ్రహించాలి.

ఇంకో విషయం ఏమంటే,—నిర్మల్ తాలూకాలో రెండు సంవత్సరాలనుంచి వానలు లేనందున పంటలు సరిగా లేక పంటలు పండలేదు. వడ్లు, జొన్నలు ఏమీ పండటంలేదు. నిర్మల్‌తాలూకాలో ఒక ప్రాజెక్టును కడితే, ౪౦,౫౦ గ్రామాల్లోనూ, ఇంకా నిర్మల్‌తాలూకా అంతా కూడా మంచిగా

వేసుకొని కాలము గడుపుతారు. ఎక్కడెక్కడ ప్రాజెక్టులున్నాయో, అక్కడ కొబ్బరిచెట్లున్నంటిని కట్టుతామని చెప్పారు గాని వాటి విషయం ఏమీ ఆలోచించలేదు. ఎప్పటికి కుడా యీ నిర్ణీత్ తాలూకాలో త్రాగడానికి నీరు కుంపై లాయింది. పంట్ల్ ఎంత ప్రయత్నం చేసినా నీరు దొరకడంలేదు. ఈ ప్రాజెక్టుల విషయంలో,—చెరువులకు నీరు రావడానికి ప్రాజెక్టు చేయండని శ్రద్ధ తీసుకోవాలి.

ఇంకా హరిజనులలో మాల, మాదిగ అనే తెగలు వచ్చి, వీళ్ళలో నెక్కడ ఇరకాటాలు జరుగుతున్నాయి. మాదిగవాళ్ళు పళువులను కోస్తారని, మాటు చాటుగా, చంపి వారిని దూరంగా ఉంచుతున్నారు. మాల, మాదిగ అనే తేడాలు ఎక్కువైనాయి. ఇటువంటి విషయంలో కూడా ప్రభుత్వం దూరం చేయాలని కోరుతున్నాను.

నిర్మల్ తాలూకాలో చాలా ఎకరాల భూమి ఉంది. ఇవన్నీ ప్రభుత్వానికి చెందినవి. హరిజనులు సాగుచేసుకొనే భూమిలో ఇప్పుడు క్రొత్తగా మొలకలు వచ్చాయి. వీరికి ఇంతవరకు ఒక్క చెట్టు కూడా లేదు. ఆ జంగిల్లో అట్లాగే పడివున్నది. నిర్మల్‌లో ఒక పెద్ద కొబ్బరితోట ఉంది. అక్కడ వెయ్యి ఎకరాల భూమి ఉంది. ఇంకా, దాదాపు రెండువేల ఎకరాలు ఇవ్వవలసిన భూమి ఉంది. కాని హరిజనులకు భూములు ఇచ్చి వారిని పైకితీసుకొనివచ్చే ప్రయత్నం చేయడం లేదు. ఎవరైతే కష్టాలు పడుతున్నారో, వారందరికి భూమిలు ఇప్పించాలని కోరుతున్నాను.

Shri K. R. Veeraswamy: Mr. Speaker, Sir, I have moved two Cut Motions to discuss the various activities of the Social Service Department as well as the measures that the Government have taken for the welfare of Harijans in the State.

If we glance through the Budget, we can find that in a Budget of Rs. 28,22,00,000, only a paultry sum of Rs. 13,81,000 has been allotted for Harijan Welfare and other Social Service activities. If we calculate the proportion of the amount allotted for this Department, it works out to 4 %. In this connection, I would like to draw the attention of the House to the fact that the population of Scheduled Castes in the Hyderabad State form about one-third of the total population i.e., about 33 lakhs, and if the figure of other Backward Classes also is added to it, the total comes to more than 100 lakhs. For 100 lakhs of people, the Government of Hyderabad is spending Rs. 13,81,000! From this, Sir, one can imagine the amount of interest that the State is taking towards the most down-trodden section of the people, who form about two-third population of the whole State. This can give an idea whether the Government is having a progressive outlook or depressive outlook or reactionary outlook towards the most down-trodden section of the people in the State. This itself is a standing reflection on the Government of Hyderabad and this shows whether the Government is moving in a progressive direction or towards a state of penury and degradation. It

looks to me that this grant for 100 lakhs of people of the State is too low. I may call this a Budget of the exploiting classes for the exploited classes. I do not call it a capitalistic or jagirdari budget. This is my general reflection about budget allotment to the Social Service Department and Harijan Welfare.

Now, what are the activities of the Social Service Department ? How has this department come into being. Formerly, the Social Service Department was organised by Baron Hamendroft just to rehabilitate Koyas, Gonds and other scheduled tribes in the State ; and the present department is but a continuation of that. I cannot understand how the Government of Hyderabad can do any social service at all with this 13 lakhs, much less with the 2 lakhs 18 thousands allotted for the Social Service Department. This allotment of 2 lakhs 18 thousands will be simply consumed by the officers of the Department and nothing will possibly be left over for taking up any social service.

The hon. Minister concerned has been telling that he has established some 'Beggar Homes'. In the very premises of the Public Gradens where our Assembly Hall is located, we find so many beggars—not to speak of beggars on public roads, at bus-stands and other places. If the Minister is not in a position to control the beggars in the premises of the Assembly, what else can he do. I am not able to understand.

Coming to the Children's Protection Department, a casual visitor finds there, male constables and female constables on duty exchanging obscene jokes with each other. Any decent man, should he be there, feels shuddered at the vulgar jokes. I have given you a recent instance. On one holiday, an official of the Department went to office and called a woman constable saying that there was some work. He called her to his room and molested her. The woman has filed a suit against him. I understand the minister is trying to protect him. What then shall we call this Department ? I do not call it a Children's Protection Department. It is Women's Molestation Department. This is a charge against the Minister.

Coming next to the co-operatives established for the scheduled tribes ; I would like to know what are the things that are kept there which are useful for these Koya people. One would be surprised to find there things which are not at all useful to them. but which, on the other hand, afford luxury for the officers. Jamtins, chuse tins, butter tins and other

costly articles are stored in these co-operatives and they pass off as foodgrains for the innocent tribal people. These officers of Government go there in Government cars, at Government expense and instead of serving the Koyas, enjoy themselves eating nicely, drinking nicely and calling the Koya women to their bungalows to enjoy their dance etc. This is also a charge against the Government. Let the Government investigate what sort of things are kept in those co-operatives for the Koyas ?

Coming to the Harijan Welfare Department, Rs. 8.57 lakhs have been allotted. The hon. Finance Minister during his budget speech has said that the Government of Hyderabad is spending 30 lakhs per year. This figure of 30 lakhs given by the Finance Minister I assert is an incorrect figure. Actually last year 10 lakhs have been allotted. Only 2.33 lakhs have been spent and the last year's granted amount has been carried over to this year and that amount has been shown in this budget. It is not a new grant. Neither the present popular Government nor the previous mixed popular Government tried to reimburse the corpus of one crore of rupees granted by the Laik Ali Government. Rs. 20 lakhs is being spent from the S.C.T.F. and not from any budgeted amount. Looking at the figures, we feel convinced that the Government is not at all spending any sum on Harijan Welfare and clearly it is not evincing any interest in that matter.

Coming to the scheduled castes in service, there are 33 lakhs of scheduled castes in the State and curiously enough there are only 6 gazetted officers in the Government 2 in the Revenue, 1 in Education, 1 in Sales Tax, 1 in Social Service and 1 in Agriculture Department. For a population of 33 lakhs of people, the representaion in gazetted cadre is only 6. No doubt, there may be a few in the First and Second Grades. What has become of the implementation of Government's reservation for scheduled castes in service ? On one side, the Government talks of reservation and on the other, issue circulars or instructions to departmental heads that only retrenched personnel should be taken into Governmnt service and thus supersede their earlier commitments. The result is the representation of scheduled castes in service is being undermined. Even with regard to promotions, after the Police Action, people who are not qualified to hold a gazetted rank are promoted to such posts by extraneous considerations. Efficiency and seniority do not count. Hundreds of them are there and they are incompetent to hold such posts. People who are disqualified by the Central Public Service Commission

have been promoted as secretaries; but when the question of promotion of scheduled caste people come, because, probably we are not vociferous, or for some other reasons best known to them, our cry becomes a cry in the wilderness. When the question of promotion of scheduled caste people comes up, the question of efficiency and seniority comes in; but with regard to those who are influential and who have god fathers in service to back them, all these requirements are waived.

If the Government of Hyderabad want to call themselves a Democratic Government and wants really to serve the down-trodden and poor people, they must try to implement what they say; they must come into the open; they must rejuvenate the people; they must inculcate a new psychology in the people. But old traditions are still continuing. Madras you find, is spending 110 lakhs of rupees whereas our Government does not find finances to spend even 50 lakhs of rupees. The hon. the Speaker who is also the Chairman of the Harijan Sevak Sangh in Hyderabad has been repeatedly writing to the Chief Minister that at least 50 lakhs of rupees should be reimbursed for the cause of Harijans compared to their population. But of what avail? The question of financial stringency is there for the Government to take shelter. When such big people's representations fall on deaf ears of the Government, I wonder what the Harijan community can expect from the present Government. It is my earnest request to the Government that unless there is a person to represent them on the Public Service Commission of Hyderabad, the reservations promised to the Harijans will remain reservations on paper. It can take a practical shape only when a Harijan is appointed on the Public Service Commission Board; otherwise I feel that the interests of Harijans and other Backward Classes in services cannot be safeguarded.

Very curiously, the Minister for Social Services is called a Harijan Welfare Minister. If so, I cannot understand why the Schedule Castes Trust Fund portfolio should remain with the Chief Minister. What can the Minister for Social Services who is called a Harijan Minister do, when he is not in charge of that Fund? Scheduled Castes Trust Fund is the basis of Harijan Welfare in the State. Is it due to his incompetence or inefficiency that that portfolio is with the Chief Minister—I cannot understand.

श्री. माधवराव सवाजी:—मिस्टर स्पीकर सर, हरिजनों के उद्धार के लिये हमारे बजेट में ८ लाख ५० हजार १ सौ रुपये रखे गये हैं। मैं नहीं समझता कि यह डिमांड काफी है। डिमांड रखते

वक्त यानी मुतालुका मिनिस्टर सोशल सर्वीस को हरिजनों के दुःखों की मालूमात नहीं होगी या हुकूमत को अुनके बारे म कोअी अिंटरेस्ट (Interest) नहीं होगी। अिन दोनों मे से अेक चीज होनी चाहिये। यह जो रक्कम रखी गअी है वह काफी नहीं है। ४२ लाख हरिजनों में चना तकसीम करनेसे अुनकी भूक नहीं मिट सकेगी। अैसी सूरत मे अुनकी क्या सेवा होगी, यह समझ मे नहीं आता। स्पीकर सर, अगर आज ४२ लाख हरिजनों की हालत पर हम विचार करके देखें तो अितना ही कहना पडता है कि अुनके पेट के लिये रोटी अंग पर कपडा और रहने के लिये मकानात जब तक नहीं होंगे अुस वक्त तक अुनका जीना कैसे सुख होसकेगा। लेकिन यह अेहसास हुकूमत को होने के बावजूद ताज्जुब है आज २५ करोड रुपये अुनके लिये रखे तो नाकाफी है। अैसी सूरत मे ये ८ या ९ लाख रुपये किसी तरह से सर्फ होंगे शायद वह रक्कम प्रचार करने आर्गनाअीजर्स के तकरूर में और दूसरे ऑफीसर्स के अितजाम मे ही खर्च होगी। अुन हरिजनों का सुधार नहीं होगा। अुनके अुद्धार के लिये खासकर अिस बात की आवश्यकता ह कि अुनको पहले रहने के लिये मकान मिले पेट के लिये अन्न मिले और पहनने के लिये कपडा मिले। हरिजन आज दीन व दरिद्रावस्था मे है। महात्मा गांधी ने अस्पृश्यता का कलंक निकाल कर यह निश्चय किया था कि दिल्ली के तख्तनाअूस पर अेक दिन वह हरिजन बैठे हुवे देखकर खुश होजाये। दिल्ली तो बहुत दूर है। यहां तो देखा जाता जी कि किसी बोर्ड में पार्टी में कमेटी में या नौकरी में कोअी जगह हो तो ओहदेदारान लीडर्स या खास खास लोग होते हैं वे हरिजनों को मालूमात नहीं होने देते और अुनको मालूम होनेसे पहिले अपने रिश्तेदार को भरती करते हैं। बाद में अपने दोस्तों की सिफारिश होती है और अुसके बाद अेक आधा हरिजन नाम के लिये लिया जाता है। और वह भी अैसा शख्स लिया जाता है जिसको कुछ भी नहीं समझे जो कुछ भी न बोले और जो हां में हां मिलानेवाला है। अिससे हरिजनों का अुद्धार होने वाला है। अिसके बाद मैं कहना चाहता हूं कि महात्मा गांधी के अुपदेशानुसार अगर हम अिस बजेट में हरिजनों के लिये जो रक्कम रखी गअी है अुसको देखें तो मालूम होता है कि हाथी के मुंह में मिरी का दाना। अिसके बाद अगर हम सोचें तो यह सिद्ध होता है और यह मेरा कहना गलत न होगा कि गरीब किसान मजदूर और हरिजनों की मेहनत का पैसा निजाम जागीरदार और सरमाये-दारों के अैष व आराम के लिये खर्च किया जा रहा है। हरिजनों के रहने का मेहनत का और खाने पीने का हाल अगर मैं बयान करूं तो रोंगटे खडे होजायेंगे। यहां शहरों में रहकर पंखों के नीचे बैठकर देखनेसे अिनका हाल नही मालूम होगा। देहातों में जाना होगा। हरिजनों की क्या दुर्दशा है? मकानों पर डालने के लिये घास तक नहीं मिलता। अिसलिये बरसात के दिनों में रातभर अपनी बीवी-बच्चों को अपनी फूटी झोपडी में भीगते हुअे बैठना पडता है। शरीर पर कपडा न होने से जाडे के दिनों मे रातभर सेकते या ठंडे या अकडे बैठना पडता है। अुनकी मेहनत के बारे में तवज्जे कीजाय तो मालूम होगा की हुकूमत अुनकी तरफ से कस के काम ले रही है। दिन भर में अुनको फुरसत नहीं मिलती। हुकूमत के हर मोहकमे के ओहदेदार हरिजनों से हर किसम का काम लेते हैं। पटेल पटवारी तो अुनसे अपने नौकर की तरह काम करवा लेते हैं। गांव में हाजिर रह कर अुसको अपने सरकारी काम की और हुकूम की पाबंदी करनी पडती है। अव्वाम का भी काम सुनना पडता है। अिसके लिये अुसको बलौता दिया जाता है। अुसमें खराब से खराब फेकियां अनाज अुनको दिया जाता है जो अुनको अेक महीने के लिये भी पूरा नहीं होता। पानी के बारे में अुनका हाल देखा जा तो आज भी देहातों के अव्वाम पानी के लिये तरस रहें हैं। सरकार कहती है कि अुनके लिये बावलियां खोदी गअी हैं। लेकिन हम देखते हैं कि हरिजन अगर बावलियों पर पानी भरने जाते हैं तो अुनको

मार खानी पडती है। अगर हम कहें कि हमको पानी दो तो कहा जाता है कि हम तुम्हारे बाप के नौकर नहीं है। बलकी मोटपर पानी भरने जायेंगे तो गोबर मिलाया जाता है। मैंने अिसके बारे में कलेक्टर साहब के पास शिकायत की थी। लेकिन अुसका कोअी फायदा नहीं हुआ। मगर हुकूमत बडी जोर व शोर से कहती है कि हमने हरिजनों के लिये बावलियां खुदवाअी हैं। लेकिन अिसके बारे में आपने जो सर्क्यूलर जारी किया है अुसका अमल बराबर नहीं होरहा है। हुकूमत कहती है कि हरिजनों को जमीन तकसीम करने के लिये भी हमने अेक सर्क्यूलर जारी किया है। मैं मानता हूं कि सर्क्यूलर जारी हुआ है। लेकिन मैं तफसील जाहिर करूं तो मालूम हो जायगा कि वाक्या क्या है। आपके सर्क्यूलर का हाल तो यह है कि जैसे पुराण में बताया जाता है कि 'बैंगन मत खाओ' लेकिन पुराण सुनाने वाले ही खुद तो खा लेते हैं। मराठी में कहावत है कि "पुराणांतील वांगी पुराणांत"। सर्क्यूलर का असर किस तरह से होता है अिसकी मिसाल मैं देना चाहता हूं। मंदिर प्रवेश के बारे में जो सर्क्यूलर निकाला गया तो अफसरों ने सर्क्यूलर की तामिली के लिये कुछ हरिजनों को जबर्दस्ती बुलाया और मंदिर में जाने के लिये कहा। हरिजन मंदिर में जाने के लिये तैयार नहीं थे क्योंकि अुन्हें मालूम था कि अफसरी के यहां से चले जाने के बाद मार खानी पडेगी। अफसरों ने कहा कि हम तुमको पुलिस देंगे, लारी देंगे और तुमको बराबर जाना पडेगा। क्योंकि अुनको सर्क्यूलर का अमल करके दिखाना था वह गये। लेकिन अुसी बातोंमें फसने पर हुकूमत ने कुछ भी नहीं किया। आखिर अेक गांव का जिकर है जब अेक कॉंग्रेसी लीडरने अपने गांव के हरिजनों को मंदिर में जाने के लिये तैयार किया। यह बात दूसरे लोगों को मालूम हुअी तो वे बिगड गये और सोंचने लगे कि जो हरिजन मंदिर में जाने की कोशिश कर रहे हैं अुनके खिलाफ सारे गांव को भडकाने के लिये कुछ न कुछ युक्ति निकालनी चाहिये जिससे आगे चलकर हरिजन कभी भी मंदिर में जाने की हिम्मत न कर सकें। हुकूमत के हुकूम की खिलाफवर्जी तो लोग नहीं कर सकते थे। अिसलिये अुन्होंने अेक तरकीब निकाली की अैसा अेक मलहम बनाया जाय कि जो हनुमान को लगाने से वह काला पड जाय। हरिजन वक्त पर मंदिर मे आये। अुन्होने सेंदूर लगाया, बेल और फूल चढाये। और अिस तरह से हुकम की पाबंदी की। अिसय बाद दूसरी पार्टी के लोगों ने हनुमान का वह मलहम फांस दिया। दूसरे दिन हनुमान काला पडा तो अुन्होने लोगों से कहना शुरू किया कि कल हरिजन मंदिर में गये अिसलिये वह काला हो गया अुसके बाद हरिजनों को खूब पीटा गया। मैंने अिसके बारे में हुकूमत के पास शिकायत की। अेक कान्फरन्स भी की। अिसका असर ओहदेदारान पर हुआ। और कुछ लोगों को गिरफ्तार भी किया गया। लेकिन आगे भी कुछ नहीं हुवा। मैंने भी अेक मुकदमा कर के देखा लेकिन कुछ नहीं हुआ। मुझे तो अुस मुकदमे की अित्तिला तक नहीं मिली थी। अेक कार्यकर्ता हमारे पंचायत कमीटी के लोग खुद कलेक्टर के आफिस गये थे। वहां अुनको पानी भी नहीं पीने दिया गया। अिसकी शिकायत हमने कलेक्टर साहब के पास की और साथ साथ अेक मेमोरंडम के तौर पर अेक शिकायत चीफ मिनिस्टर के पास भी भेजी लेकिन अिसकी किस तरह से अेन्क्वायरी हुअी अुसका पता नहीं। लेकिन आखिर यह जवाब मिला कि यह आफिस का पानी नहीं था। किसी व्यक्ति का था। हरिजनों का पानी के बारे में यह हाल है।

अिसके बाद मुझे जमीनात के तकसीम के बारे में भी कुछ कहना है। अुसके बारे में भी अेक सर्क्यूलर जारी हुआ है। अुसमें पहले से ही यह बात भरी हुअी है कि अगर हरिजन न हो तो नान-हरिजन को जमीनात दी जाय। अिस तरह का सर्क्यूलर निकालने से पटेल और पटवारी यहां हरिजन नहीं है अैसा कह कर अपने अपने रिश्तेदारों को जमीन दिलाने की कोशिश करते हैं। सारा बटवारा

हो जाने के बाद जो खराब से खराब जमीन होगी वह हरिजनों को दी जाती है। यह तो आपके जमीनात के तकसीम का हाल है। मराठवाडे में जिन हरिजनों पुलिस ॲक्शन के पहले से जमीन दीगअी थी वह अब वापिस ली जा रही है दूसरे अेक गाव मौजे शिवराम पल्ली में करीब ६ सौ अेकड अमीन बांटी गअी। लेकिन अुसमें अे अेक सौ अेकड भी जमीन हरिजनों को नहीं मिली। हुकूमत के साथ वफादारी से रहने वाली मेहनत करके मालगुजारी वसूल करनेवाली कौम का यह हाल है। हम लोगों की आज बहुत दुर्दशा है। अवाम में और हममें कोअी फर्क नहीं रहा ह। आज हरिजनों के बारे में जो पालिसी अेख्त्यार की जा रही है वह अिस तरह की है कि जैसे की दूध पर अुसके बछडेका हक्क होनेसे वह गाय दूध दे। अिसलिये अुसके बछडे को पहले आगे किया जाता है बाद में अुसको धीरे से दूर कर के अुसका दूध खुद पीते हैं वैसे ही स्वराज्य हरिजन किरचन और मजदूरों के नामसे हासील किया गया और खुद फायदा अुठा रहे हैं। हरिजनों के लिये साडेबारह फीसदी सर्विसेस रखने का सर्क्यूलर निकाला गया है। अुसमें भी यही लिखा हुवा है कि हरिजन न हो तो नानहरिजन को जगह दी जाय। लेकिन मैं नहीं समझता कि सरकारी नौकरियों में कही पर भी साडेबारह फीसदी के हिसाब से हरिजनों को भरती किया गया है। मुझे अेक हरिजन शख्स मालूम है जिसने अेक मुंदरसीन की जगह के लिये ११ दरख्वास्तें दी लेकिन अुसको न रखते हुअे कअी नानहरिजन को रखा गया। अिससे यह कैसे विश्वास हो कि यह गव्हर्नमेंट हमारे लिये कुछ कर रही है। हमें किसी के राज से कोअी सरोकार नहीं है। कोअी भी पार्टी का राज हो हमें अेतराज नहीं। जब गरीबों के नाम से स्वराज्य हासील किया गया है तो गरीब, किसान मजदूर और हरिजनों की बहबूदी के लिये कुछ करना चाहिये लेकिन आज तो हमारी बहबूदी के लिये कुछ नहीं हो रहा है। मैं यही कहूंगा कि हुकूमत की पालिसी महानुभावी पालिसी है। महानुभावी पालिसी का मतलब बहुत से मुअज्जिज मेंबरान को मालूम नहीं होगा। महानुभावी पंथ का आदमी जूं पकड ता है तो वह सोचता है कि अिसको अगर अैसी छोड दें तो वह भूखी मर जायगी। और अगर मार डाले तो हिंसा होती है। अिसलिये वह अुसको हाथ में लेकर खूब रगडता है जिससे अुसके सारे शरीर के अवयव धीरे धीरे टूट जाते हैं और अुसके शरीर का सत्यानाश हो जाता है। अगर हुकूमत अिस पालिसी को छोड दे और महात्मा गांधी के आदेशानुसार हमारा अुद्धार करे तो यह हरिजन तबका जोकि सदियों से आज तक तडपता आ रहा है आपका बडा शुक्रगुजार होगा। मैंने पहले ही बताया कि हरिजनों के अुद्धार के लिये यह जो रक्कम रखी गअी है वह बिल्कुल नाकाफी है। अगर आप अिससे जियादा रक्कम नहीं रख सकते तो अेक अेक तालुका या जिला लेकर वहां पहले काम शुरू किजिये। और धीरे धीरे सारी रियासतों के हरिजनों का अुद्धार कीजिये। मैं जानता हूं कि हमारी आर्थिक स्थिति नाजुक है। अिसलिये चार लाख नहीं तो दो लाख ही सही। लेकिन कुछ अैसी रक्कम रखी जानी चाहिये जिससे हरिजनों का फायदा हो सके। अिस तरह छोटी सी रक्कम रखने से हरिजनों का अुद्धार नहीं होगा। अितना ही मुझे कहना है।

Mr. Speaker: I shall close the discussion at 8 p.m.

Shri V. D. Deshpande: Sir, I don't think it is possible!

Mr. Speaker: The Members are taking 20 minutes though the allotted time is only 10 minutes.

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ یہ صحیح ہے کہ زیادہ وقت نہ لیا جانا چاہئے لیکن ہاؤس کے سامنے سوشیل ولفیر کا بجٹ آیا ہے ۔ گذشتہ سال بھی اس پر جیسی چرچا ہونی چاہئے تھی نہیں ہوسکی ۔ ہمارے شیڈولڈ کاسٹس کے بھائی اس پر اپنے خیالات تفصیل سے ظاہر کرنا چاہتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پر بھی ہمدردی سے غور کیا جائیگا ۔

Mr. Speaker: Then I shall close at 8-15 p.m.

Shri V. D. Deshpande: Discussion may be allowed till 8-30 p.m.

Mr. Speaker: The Minister will also take his time and it will be late.

Shri V. D. Deshpande: Let him take his own time.

شری اناجی راؤ گوانے ۔ یوں بھی ڈسکشن سوا چھ بجے شروع ہوا ہے ۔ اگر دو گھنٹے بحث کے لئے دئے جائیں تو کم از کم سوا آٹھ بجے ڈسکشن کلوز (Discussion close) ہونا چاہئے ۔

Mr. Speaker: If the members are prepared to sit even after 9 '0' clock, I have no objection.

شری جے وینکٹیشم ۔ (حضورآباد ۔ محفوظ) ۔ اسپیکرسر ۔ اسمبلی کے سامنے ہریجنوں بیک ورڈ کلاسز کو یا زمباڑاز اور گری ہوئی جاتیوں کے بارے میں چرچا ہو رہی ہے ۔ گاندھی جی کے سامنے نیچے گرے ہوئے سماج کا آکار (समाज का आकार) تھا ۔ ہریجنوں کا آکار تھا ۔ جب میں سنہ ۱۹۳۵ ع میں پونا میں تھا تو میں دیکھا کرتا تھا کہ گاندھی جی وہاں سانگ واڑہ سانگ کالونی میں کانگریس بھون بنا کر وہاں رہتے تھے ۔ آج اگر گاندھی جی زندہ ہوتے تو وہ ضرور ہریجنوں کی بھلائی کی فکر کرتے ۔ آج کانگریس گاندھی جی کا نام تو لیتی ہے لیکن انکے کام اور آکار کو بھلاتی ہے ۔ کسی ڈپارٹمنٹ میں ہریجنوں کو موقع نہیں دیا جاتا ۔ میں پوچھتا ہوں اسمبلی اسٹاف میں کتنے ہریجن ہیں ۔ میں دیکھتا ہوں کہ اس میں کرناٹک کے لوگ ہیں ۔ مہاراشٹرا کے ہیں تلنگانہ کے ہیں لیکن اس میں کشتریہ نہیں ہیں ۔ اسی طرح منسٹرس کے آفیسس (offices) میں کوئی ہریجن کام نہیں کرتا ۔ ڈسٹرکٹ کلکٹرس آفیسس (District Collectors Offices) میں بھی ہریجنوں کو موقع نہیں ملتا ۔ ہریجن اور نیچے گرے ہوئے سماج کے لوگ آج تعلیم پاکر بھی بیکار اور بیروزگار ہیں ۔ دوسرے لوگ اگر پی ۔ اے پاس کرکے کوئی وسیلہ لیکر پہنچ جاتے ہیں تو انکو کلکٹری مل جاتی ہے ۔ لیکن ہریجنوں کو کچھ نہیں ۔ آج کوئی کلکٹر ہریجن نہیں ہے لیبر ڈپارٹمنٹ میں بھی ہریجن نہیں ہے ۔ لیبر ڈپارٹمنٹ میں پہلے جس قوم کے لوگ تھے آج بھی وہی لوگ ہیں ۔ نہ کوئی ہریجن کمشنر ہے اور نہ اسسٹنٹ کمشنر ۔ ان کے لئے وہاں کوئی استھان نہیں ہے ۔ یہ کہا تو جاتا ہے کہ ساڑھے بارہ فیصد ہریجنوں کو جگہ دیجائیگی ۔ لیکن یہ صرف

کانسٹی ٹیونسی کی حدتک ہے ۔ کانگریس اور کانگریس کی حکومت اس کو عمل میں نہیں لاتی ۔ ہاسپٹلس (Hospitals) میں ہریجنوں کے لئے کوئی جگہ نہیں ۔ اگر کوئی مرہٹہ منسٹر آتا ہے تو ہسپتالوں میں تمام مرہٹے جمع ہو جاتے ہیں ۔ اگر کوئی کرناٹک آتا ہے تو کرناٹک لوگ جمع ہو جاتے ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں حکومت میں اس طرح کیوں مذہبی فرق لایا جاتا ہے ۔ ہریجنوں کے ادھار کے لئے زندہ طلسمات کا ڈبہ بجائے جیسا بجا کر تو بہت کچھ کہا جاتا ہے لیکن ہوتا کچھ نہیں ۔ ذمہ دار لوگ کچھ نہیں کرتے ۔ ہریجنوں کا ایک منسٹر ہے لیکن جب (۹) دوسرے منسٹرس کچھ نہیں کرسکتے تو وہ ایک ہریجن منسٹر کیا کریگا ۔ ہریجنوں کو کاشت کے لئے زمین دیجاتی ہے تو زمیندار جاگیردار اپنی بکریاں چرانے کے لئے وہ زمین ان سے کھینچ لیتے ہیں ۔ پرسوں میں حضورآباد میں دیکھا کہ وہاں ہریجنوں کو اناج دینگے کہکر بلایا گیا اور اندر بلا کر مارا گیا ۔ شہر میں رہکر ہریجنوں کی حالت کا اندازہ نہیں ہوسکتا ۔ گاؤں میں ہریجنوں کی بری حالت ہے ۔ وقار آباد اور میڑچل میں دیکھ لیجئے ۔ اگر میرے ساتھ منسٹرس آئیں تو میں انکو بتلا دونگا ۔ دنتی گاؤں میں بھی ان پر ظلم ہورہا ہے ۔ آریا سماجی کہتے ہیں کہ گائے مت کاٹو لیکن اسکو کھلانے کے لئے کچھ نہ رہے اسے قصائی کو نہ بیچیں تو اور کیا کرینگے ۔ بیکورڈ کلاسز کے لوگوں سے کام تولیا جاتا ہے یہ بڑی بڑی بلڈنگس اور شاندار عمارتیں ان ہی لمباڑوں اور وڈروں کی محنت کی وجہ سے ہمیں نظر آتی ہیں ۔ لیکن ان لوگوں کے رہنے کے لئے ایک چھپر بھی نصیب نہیں ہوتا ۔ نہ ان کے لئے آر ۔ ٹی ۔ ڈی میں جگہ ہے نہ پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی میں ۔ ہریجنوں کی تعلیم کا بھی برابر انتظام نہیں ہے ۔ ساتھ ہی ساتھ زمیندار اور جاگیر دار بھی ان پر ظلم کرتے ہیں ۔ حکومت کی اگر یہی حالت رہے اور اس پر لمباڑے اور ہریجن اٹھینگے تو میں نہیں سمجھتا کہ حکومت انکو کیسے روکے گی ۔ انکے انقلاب کو روکنے کی حکومت کو ہمت نہو گی ۔ جب وہ جاگینگے تو میں نہیں سمجھتا کہ یہ منسٹری رہیگی ۔ اسپیکرسر ۔ میں چاہتا ہوں کہ ایک ایسی کمیٹی قائم کی جائے جو ہریجن ولفیر ورک کی انکوائیری (Enquiry) کرے ۔ وہ سنسیرلی (Sincerely) کام کرے اور معلوم کرے کہ کس کس ڈپارٹمنٹ میں کتنے ہریجن ہیں اور اس پر غور کرکے اسکے مطابق عمل کیا جائے ۔

شری مادھو راؤ نرلیکر ۔ مسٹر اسپیکرسر ۔ آج سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کے ڈیمانڈس پر شیڈیولڈ کاسٹس کے ولفیر سے متعلق جو آوازیں اسمبلی میں گونج رہی ہیں انہیں سنکر مجھے بیحد خوشی ہوئی ۔ ایک سال سے کانگریسی حکومت کی جو پالیسی اچھوت جاتیوں کے تعلق سے رہی ہے اوسے دیکھتے ہوئے میں کہہ سکتا ہوں کہ وہ ہمارے مسائل کو حل کرنے میں ناکام ہوچکی ہے ۔ کوئی حکومت جو کسی بڑے طبقہ کی کیوں نہو بیاک ورڈ کلاسس کی بھلائی کے لئے جب کچھ نہیں کرسکتی تو اسکو ختم ہونا ہی پڑیگا ۔ نہ صرف حیدرآباد میں بلکہ پورے بھارت دیش میں دو ہزار پانچسو سال سے شیڈیولڈ کاسٹس کے عوام کچلے جا رہے ہیں اور ہر زمانہ میں اپنے مطلب کی خاطر سے

انہیں کچلا گیا ہے ۔ شیڈیولڈ کاسٹس کے لوگ سمجھ گئے ہیں کہ کانگریسی حکومت محض اپنے مفاد کی خاطر شیڈیولڈ کاسٹس کے فائدہ کا خیال نہیں کر رہی ہے ۔ اسلئے اب وہ وقت آگیا ہے کہ جو اندولن (आंदोलन) انگریز اور نظام کی حکومت کے خلاف آزادی حاصل کرنے کے لئے آپ لوگوں نے کیا تھا وہی اندولن شیڈیولڈ کاسٹ اور کسان مزدور آپکے خلاف چلائیں تو بیجا نہوگا ۔ کانگریسی حکومت کو معلوم ہوگا کہ سنہ ۱۹۴۲ع میں انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنے آزادی حاصل کرنے اور اپنی حکومت قائم کرنے کے لئے جو کچھ کیا گیا تھا وہی اتہاس (इतिहास) ہ۔کو بھی دھرانا پڑیگا ۔ جب کانگریس آزادی حاصل کرنے کے لئے سب کچھ کرسکتی ہے ریلوے اسٹیشن جلاسکتی ہے پٹریاں اکھیڑ سکتی ہے پل اڑا سکتی ہے تو اوسی طرح کی تحریک شیڈیولڈ کاسٹس کے عوام بھی اپنی آزادی کی خاطر چلائیں تو کیا بیجا ہوگا ؟

وقت کم ہے مجھے اصل موضوع پر چند باتیں کہنی ہیں ۔ آج عوام بیدار ہوچکے ہیں ۔ شیڈیولڈ کاسٹس کے لوگ بیدار ہوچکے ہیں ۔ ایک سال سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ چار لوگوں کو بدلنے کے سوا آپکی پالیسی اور کچھ نہیں رہی ۔ جو سنگٹھن (संगटन) پہلے سے ہے وہی چلی آرہی ہے ۔ موجودہ حکومت ہمارا کوئی مسئلہ حل نہ کرسکی ۔ آپسی اختلافات سے نبٹنا خود آپ کے لئے مشکل ہے ۔ حکومت میں اتنی صلاحیت نہیں ہے کہ وہ اندرونی اختلافات کو مٹائے ایسی صورت میں وہ شیڈیولڈ کاسٹ کے مسائل کو کیا حل کرسکتی ہے ۔ ہم سمجھ چکے ہیں کہ حکومت کے سامنے شیڈیولڈ کاسٹس یا کویا جاتی یا بیاک ورڈ کلاسس وغیرہ کے مسائل کو حل کرنے کا کوئی پروگرام نہیں ہے ۔ ایسی صوورت میں سوائے مایوسی کے اور کیا حاصل ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ یہ بیماری نئی نہیں ہے ۔ دو ہزار پانچ سو سال سے چلی آرہی ہے آہستہ آہستہ دور ہوگی ۔ منو کے سندیس سے جو راج چلا آرہا ہے تو اوس وقت سے چار جاتیاں براہمن ۔ کشتریہ ۔ ویسیا ۔ شودر یہ چاروں چلے آرہے ہیں ۔ ویدک سیوا منڈل یا سنگھ شدر کو کہا جاتا تھا کہ آپ اس وقت سیوا کریں تو دوسرے جنم میں اس کا پھل ملے گا ۔ یہی وہ چیز ہے جسے مسئلہ تناسخ کہا جاتا ہے ۔ وہی روپ آج ہمارے سامنے ہے ۔ سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کے تعلق سے اپنے اڈریس میں راج پرمکھ لکھتے ہیں کہ

Special Laoni Rules have been brought into force to speed up grant of lands to landless Harijans and Backward Classes ; nearly 50,000 Acres have been granted so far."

راج پرمکھ کہتے ہیں کہ (۵۰) ہزار ایکر زمین دی گئی ہے ۔ سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کہتا ہے کہ (۲۹) ہزار ایکر زمین دی گئی ہے معلوم نہیں کہ دونوں میں سے کون سچ کہہ رہے ہیں ۔ ہم سے کہا جاتا ہے کہ سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے ہر ضلع میں بورڈس (Boards) قائم کئے گئے ہیں جنکے ذریعہ مسائل حل کئے جائینگے لیکن سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے ایسے کتنے بورڈس قائم کئے گئے ہیں اور انہوں نے کیا کیا کام کیا ہے معلوم نہیں ۔ سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کیا ہے ؟ کانگریس کے آرگنائیزیشن کو مضبوط بنانے کا ایک اڈا ہے ۔ ڈسٹرکٹ بورڈس میں

جو ٹریننگ دیجاتی ہے وہ صرف اس غرض سے دیجاتی ہے کہ کانگریس کا پرچار کیا جائے ۔ کانگریس کے یونیٹی کے آرگنائیزیشن کو مضبوط بنانے کی کوشش کی جائے ۔ اتنا ہی نہیں بلکہ جو رقوم سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ سے منظور کی جاتی ہیں وہ صرف اُن پروپیگنڈہ کانفرنسس میں صرف ہوتی ہیں اور اسی غرض سے منظور کی جاتی ہیں ۔ میں عرض کرونگا کہ جو رقم منظور ہوتی ہے وہ محض کانگریس کے اغراض پر صرف ہوتی ہے ۔ ہریجن کانفرنس کے نام سے پوسٹرس (Posters) چھاپنے کے لئے سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ سے پیسہ خرچ کیا جاتا ہے ۔ وہاں لوگوں کو جمع کیا جاتا ہے اور ویدک سیوا منڈل کی جانب سے کانفرنس بلائی جاتی ہے اس کے لئے یہ پیسہ صرف کیا جاتا ہے ۔ سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے جو ڈسٹرکٹ بورڈس بنائے جاتے ہیں ان میں ایسے لوگوں کو لیا جاتا ہے جو کانگریس کی ہاں میں ہاں ملاتے ہیں ۔ کام کرنے والوں سے کانگریس اسلئے دور بھاگتی ہے کہ وہ خود کچھ کام کرنا نہیں چاہتی ۔ چونکہ وہ مسائل کو حل کرنا ہی نہیں چاہتی اسلئے یہ سمجھتی ہے کہ جب ہم مسائل کو حل نہیں کرینگے تو یہ لوگ کانفرنس سے اٹھکر جائینگے اور لوگوں میں اسکا پرچار کرینگے اسی لئے خاص طور پر اپوزیشن پارٹیز کے ریزروسیٹس کے یعنی پی ۔ ڈی ۔ ایف سوشلیسٹ اور انڈیپنڈنٹ ممبرس کو سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کے ڈسٹرکٹ بورڈس کا ممبر نہیں بنایا جاتا ۔ چونکہ اوس طرف کے بیٹھنے والے ارکان اونکی پالیسی کے تحت کام کرتے ہیں اور ہاں میں ہاں ملاتے ہیں اسلئے انکو ہی لیا جاتا ہے ۔ مرہٹی میں مثل مشہور ہے کہ (

شیڈیولڈ کاسٹس کو یہ باور کرایا جاتا ہے کہ ہماری گورنمنٹ بہت کچھ کر رہی ہے یہاں ممبرز ارکان کے سامنے کہا جاتا ہے کہ ہمارے پیچھے عوام ہیں ۔ ہمارے پیچھے شیڈیولڈ کاسٹس ہیں وغیرہ لیکن میں صاف صاف الفاظ میں کہنا چاہتا ہوں کہ شیڈیولڈ کاسٹس کے لوگ آپکے پیچھے نہیں ہیں نہیں ہیں ۔ نہیں ہیں ۔ اسی لئے مسائل پیچیدہ ہوتے جا رہے ہیں ایسی حکومت کے پیچھے جو مسائل کو حل نہیں کرسکتی کوئی نہیں رہتا جیسا کہ کسی باپ کے تین بیٹے ہوں جن میں سے ایک کو وہ اپنی بغل میں رکھتا ہو ۔ دوسرے کو اپنے ساتھ رکھتا ہو اور دوسرے کو اپنے سے علحدہ رکھتا ہو تو وقت پڑنے پر دور رہنے والا کیا کہے گا ۔ کیا یہی کہے گا کہ میں آپکے ساتھ ہوں ۔ ہرگز نہیں ۔ بلکہ یہی کہے گا کہ آپ نے مجھے دور رکھا تھا اسلئے میں آپکا ساتھ نہیں دے سکتا اب بھی دور رہونگا اور آپکے کہنے پر نہیں چلوں گا ۔ اسی طرح شیڈیولڈ کاسٹس جنکے مسائل کو حل نہ کرکے کانگریسی حکومت نے اپنے آپ سے بہت دور کردیا ہے وہ کانگریسی حکومت کا ساتھ نہ دینے پر مجبور ہو جائینگے ۔ کیا ان حالات میں کانگریس کا آرگنائیزیشن مضبوط ہوسکتا ہے ؟

Mr. Speaker : Time is up, please finish soon.

شری مادھو راؤ نرلیکر ۔ مجھے بہت کم وقت ملا ہے اسلئے میں استدعا کرونگا کہ جسطرح مجھ سے پہلے دوسرے آنریبل ممبرس کو زیادہ وقت دیا گیا ہے مجھے بھی دیا

جائے کیونکہ اہم مسائل پر مجھے بہت کچھ کہنا ہے ۔ سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کے تعلق سے میں کہہ رہا تھا کہ ایسی کوششیں کرنے سے نہ تو کام ٹھیک طور پر چل سکتا ہے نہ آرگنائیزیشن مضبوط ہوسکتا ہے اور نہ حکومت قائم رہ سکتی ہے ۔ اگر شیڈیولڈ کاسٹس کے ممبر کو منسٹری دینا تھا تو سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کی منسٹری دینے کی بجائے ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ یا لیبر ڈپارٹمنٹ کا پورٹ فولیو (Portfolio) دیا جاتا تو بہتر ہوتا مگر اب یہ ایسا ڈپارٹمنٹ دیا ہے جو صرف سیوا سماج کا ڈپارٹمنٹ ہے ۔ بس ہم سیوا کرتے جائیں اور میوہ آپ کھاتے جائیں ۔ نہ صرف یہاں بلکہ بمبئی میں بھی ایسا ہی مچھلیاں مارنے کا کام دیا گیا ہے ۔ سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کو چلانا ہے تو آپ کو اپنی پالیسی بدلنی پڑیگی اور ڈسٹرکٹ بورڈس میں کانگریس کے علاوہ دوسری پارٹیز کے ممبرس کو بھی لینا پڑیگا ۔ جب تک آپ اپنا موجودہ رویہ نہ بدلیں کوئی اصلاح نہیں ہوسکتی ۔ ورنہ میں پھر وہی کہونگا کہ سنہ ۱۹۴۲ع میں انگریزوں کو نکالنے اور آزادی حاصل کرنے کے لئے آپ نے جو کچھ کیا تھا وہی عمل شیڈیولڈ کاسٹس بھی کرینگے ہم بہت پریشان ہوچکے ہیں ۔ ہم بہت تنگ آچکے ہیں ۔ اب ہم خاموش بیٹھنے کے لئے تیار نہیں ہیں اور نہ یہاں خاموش بیٹھنے کے لئے آئے ہیں ۔ ہم کام کرنے کے لئے آئے ہیں ۔ آپکے ہمارے سوچنے کے طریقے الگ ہیں ۔ آپ محلوں میں بیٹھکر سوچتے ہیں ہم جھونپڑوں میں بیٹھکر سوچتے ہیں آپ پیٹ بھر کھاکر سوچتے ہیں ہم بھوکے رہکر سوچتے ہیں کیونکہ ہمارے پاس کچھ نہیں ہے ۔ آپکو اپنی پالیسی فوراً تبدیل کرنی پڑیگی ورنہ وہی تحریک ہمیں بھی شروع کرنی پڑیگی جو آپ نے انگریزوں کو بھگانے کے لئے شروع کی تھی ۔

شیڈولڈ کاسٹس کے لئے (۸) لاکھ (۷۵) ہزار کا ڈیمانڈ پیش کیا گیا ہے ۔ یہ رقم اتنی کم ہے کہ شیڈیولڈ کاسٹس اور بیاک ورڈ کلاسس کی کثیر آبادی میں بٹے بھی تقسیم کئے جائیں تو اون بھوکوں کا پیٹ نہیں بھرے گا ۔ وہ بھوکے ہیں ۔ ننگے ہیں ۔ رہنے کے لئے جھوپڑیاں نہیں رکھتے ۔ دوسروں کے آدھار (आधार) پر جی رہے ہیں ۔ تعلقہ ناندیڑ کو آپ میرے ساتھ چلئے میں آپکو بتاؤں گا کہ وہاں اچھوت جاتیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا ۔ وہ مندر میں داخل ہوئے تو دوسرے دن ہنومان کی مورت کو کاک لگادیگئی اور یہ کہا گیا کہ اچھوتوں کے داخل ہونے کی وجہ سے مورت کالی ہوگئی ہے ۔ ایک آنریبل منسٹر نے کہا کہ اچھوتوں کو سرکاری باؤلیوں پر آنے دیا جاتا ہے ۔ اچھی باؤلیوں کا کیا ذکر ہے وہ تو انسان کی کھدوائی ہوئی ہیں یہاں تو یہ اندھیر ہے کہ قدرت کی جو ندیاں بہتی ہیں وہاں بھی اچھوتوں کا ''پان وٹا'' علحدہ کیا جاتا ہے ۔ اس طرف سے یہ پانی لیتے ہیں تو نیچے کی طرف دور سے انکو پانی لینا پڑتا ہے ۔ باؤلیوں کی مثال چاہتے ہیں تو میں اپنے ساتھ پربھنی چلئے میں آپکو دکھاؤنگا کہ وہاں کی باؤلیوں پر اچھوتوں کو پانی نہیں لینے دیا جاتا ۔ دوسری بات میں یہ کہدینا چاہتا ہوں ۔

اگر اسپیکر صاحب اجازت دیں تو میں اور تین منٹ میں اپنی تقریر ختم کردونگا کیونکہ کافی مسائل ہمارے سامنے ہیں ۔

شیڈیولڈ کاسٹس کے لئے ایک کروڑ روپیہ سے ایک فنڈ قائم کیا گیا ہے جس کے صدر ہماری حکومت کے خاص عہدہ دار آنریبل چیف منسٹر صاحب ہیں اوس میں چند نان آفیشیل ممبرس ہیں اور چند آفیشیل۔ لیکن اوس ادارے میں کیوں دیگر ایم ۔ ال ۔ ایز کو شریک نہیں کیا جاتا جو اضلاع میں رہتے اور وہاں کی تکلیفوں سے واقف ہوتے ہیں۔ شیڈیولڈ کاسٹس ٹرسٹ فنڈ میں آمدنی کم اور خرچہ زیادہ ہو رہا ہے میں سکرٹریٹ آفس گیا وہاں میں نے دیکھا کہ اس فنڈ کے لئے ایک سکرٹری صاحب ہیں اون کی امداد کے لئے دو اسسٹنٹ سکریٹریز اور کافی اسٹاف موجود ہے ۔ میں اس سلسلہ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ کے پاس اس کے انتظام کے لئے چودہ پندرہ آدمیوں کی ایک کمیٹی ہے یہ لوگ اوس کا انتظام کرسکتے ہیں ۔

ہمارے لڑکوں کے لئے جو اسکالر شپس رکھے گئے ہیں اون کی تقسیم کا انتظام اس فنڈ کے تحت نہیں بلکہ اضلاع کے انسپکٹرس آف اسکولس سے یہ کہا گیا کہ آپ اس کی تقسیم کا انتظام کریں ۔ اون عہدہ داروں کا کام ہی اتنا بڑھ گیا ہے کہ تعلیمی انتظامات دیکھنے میں ہی کافی وقت صرف ہو جاتا ہے ۔ ایسی صورت میں وہ اس کا کیسے برابر انتظام کرسکینگے ۔ اگر آپ اس کی جانچ کریں کہ آیا اضلاع میں شیڈولڈ کاسٹس کے بچوں کو وظیفے مل رہے ہیں یا نہیں تو معلوم ہوگا کہ کہانتک اس پر عمل ہو رہا ہے؟ میں اس سلسلہ میں ایک مثال دونگا تاکہ آپ کو اندازہ ہو جائے ۔ موضع تانڈے گاؤں تعلقہ کلمنوری میں شیڈولڈ کاسٹس کے بارہ لڑکوں نے وظیفہ کی درخواست دی تھی لیکن سنہ ۵۲ - ۵۳ کا وظیفہ اون کو نہیں ملا ۔ اور فارمس واپس کردئے گئے ۔ اسی طرح ہنگولی میں اسپیشل پرائمری اسکول کے (۴۰) بچوں کے فارمس اس بناء پر رجکٹ کردئے گئے کہ اچھی طرح سے فل اپ (Fill up) نہیں کئے گئے ۔ اس طرح اون کو وظیفہ سے محروم کیا گیا ۔ حالانکہ یہ طلباء کی غلطی نہیں ہیڈ ماسٹر کی غلطی تھی جس نے فارمس فل اپ کیا تھا ۔ اوسکی ذہنیت ایسی ہے کہ وہ چاہتا ہے کہ ان کو وظیفہ نہ ملے ۔ اور خواہ مخواہ غلط فارمس تکمیل کرتا ہے جو رجکٹ ہوتے ہیں ۔ اس کی ذمہ داری طلباء پر نہیں بلکہ ہیڈ ماسٹر پر ہونی چاہئے ۔

مسٹر اسپیکر۔ آپ نے تین منٹ مانگے تھے وہ بھی ختم ہوگئے ۔

شری مادھو راؤ پٹیلکر ۔ میں آخر میں صرف ایک چیز کہکر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ موضع رون کنٹہ ضلع کریم نگر میں ایک صاحب اکتا پیٹھ چکا راؤ نے شیڈولڈ کاسٹس کے لوگوں کی زمین پر قبضہ کرلیا ۔ آنریبل چیف منسٹر کو اس کی اطلاع دیگئی ۔ بجائے اسکے کہ قبضہ دلایا جاتا بارہ آدمیوں کا چالان کیا گیا تین آدمیوں کو سزا دیگئی اور ایک آدمی کو رہا (Release) کیا گیا ۔ میں کہدینا چاہتا ہوں کہ اگر اس طرح آپ زمینات تقسیم کرتے ہیں تو رہنے دیجئے آپ کی زمین آپکے پاس ۔ ہم کو اراضیات دینے کی ضرورت نہیں جب ہم میں قوت پیدا ہو جائے گی تو ہم خود اراضیات حاصل کرلینگے ۔ میں حکومت کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اپنی پالیسی میں تبدیلی کرے ۔ ہم نے پہلے پانچ کروڑ روپیہ بجٹ میں رکھنے کا مطالبہ کیا تھا لیکن

اس پر غور نہیں کیا گیا ۔ حکومت کو چاہئے کہ اس پر غور کرے ۔ شیڈولڈ کاسٹس کے ساتھ ساتھ گویا لوگوں کی بھی دقتیں ہیں جنہیں دور نہیں کیا گیا ۔ زمینات کا سوال بیروزگاری کا مسئلہ مکانوں اور سرویسس کا مطالبہ یہ سب چیزیں ایسی ہیں جنہیں حل نہیں کیا گیا ۔ ہم یہاں انجان بیٹھنے کے لئے نہیں آئے ہیں بلکہ ان چیزوں کا مطالبہ کرنے آئے ہیں ۔ اس لئے میں حکومت سے کہونگا کہ وہ ان مسائل کو حل کرے ۔

شری وی۔ ڈی۔ دشپانڈے ۔ میں ایوان کا زیادہ وقت نہ لیتے ہوئے صرف ایک دو باتیں ہی عرض کرونگا ۔ تفصیلات میں جانے کی مجھے ضرورت نہیں ہے ۔

ہمیں شیڈولڈ کاسٹس کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے اپنی ذہنیتوں اور سماج کے ڈھانچے کو بدلنے کی ضرورت ہے ۔ جب تک ہم اس میں تبدیلی نہیں کرینگے شیڈولڈ کاسٹس (Scheduled castes) اور شیڈولڈ ٹرائیس (Scheduled Tribes) کے مسائل حل نہ ہوسکینگے مجھے ہاؤز سے آج یہ کہنا ہے کہ آج جان بوجھ کر شیڈولڈ کاسٹس کو دھوکہ نہیں دیا جاسکتا ۔ مجھے ہاؤز سے یہ اپیل کرنا ہے کہ بجٹ میں اس کے لئے کافی پیسہ رکھنا چاہئے ۔ اسکے ساتھ ساتھ حکومت کو سوچنا پڑیگا کہ جو ذہنیت چلی آرہی ہے اوسے کسطرح تبدیل کیا جائے ۔ مجھے یہ بھی کہنا ہے کہ جو اندولن شیڈولڈ کاسٹس کے ابدھار کا ایک زمانے سے کانگریس اور دیگر سوشیل ورکرس کی جانب سے چل رہا تھا وہ اب مدھم ہوگیا ہے ۔ بلکہ تقریباً ختم ہوگیا ہے ۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہریجنوں کے تمام سوالات ختم ہوچکے ہیں ۔ لیکن مجھے ہاؤز سے اور خاص کر ہندوؤں سے یہ اپیل کرنا ہے کہ یہ مسئلہ حل نہیں ہوا بلکہ صرف اسکی شروعات ہو رہی ہیں ۔ آج جو حکومت آئی ہے بلا لحاظ اسکے کہ وہ کس پارٹی کی حکومت ہے اوس کے سامنے سوالات پیدا ہوچکے ہیں ۔ جب تک ان سوالوں کو حل نہ کیا جائیگا حکومت کامیاب نہ ہوسکے گی ۔ دوسری چیز جو میں عرض کرونگا وہ یہ ہے کہ آج کا ہمارا سماج زمیندارانہ ڈھانچہ کا ایک حصہ بنا ہوا ہے ۔ خود ہمارے شیڈولڈ کاسٹس بھائیوں کو بھی اس حقیقت کو مان لینا چاہئے ، جب تک وہ اس چیز کو نہیں مانینگے اسی طرح اپنے آپ کو ڈپرسڈ (Depressed) محسوس کرتے رہینگے ۔ آج وہی سرانجام شاہی ڈھانچہ برقرار ہے ۔ آپ دیہات میں جاکر دیکھئے ان پیڈلیبر (Unpaid labour) جسے بٹی کہتے ہیں اسی طرح جاری ہے ۔ پٹیل پٹواری اور سورن ( ) ہندو آج بھی شیڈولڈ کاسٹس سے بٹی لیتے ہیں اون پر دباو ڈال کرکام لئے جاتے ہیں ۔ سماج کا یہ جو ڈھانچہ ہے اوس کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے ۔ جب تک ہم اوسکو تبدیل نہیں کرینگے حکومت کا کوئی قانون کامیاب نہیں ہوسکتا ۔ مندر پرویش (मंद्र प्रवेश) بل اگر چیکہ منظور ہوا لیکن اوس پر عمل نہیں ہوسکا ۔ جب تک سورن ہندوؤں اور خاص کر زمینداروں کی ذہنیت ختم نہ ہوگی یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا ۔ جیسا کہ میں نے کہا یہ ڈھانچہ کو بدلنے کا سوال ہے ۔ اس معاشی نظام کو بدلنے کا سوال ہے جس میں غریبوں کا خون چوسا جاتا ہے ۔ اس کو اس طرح بدلنے کی ضرورت ہے کہ اس نظام میں خون نہ چوسا

جائے اور بغیر معاوضہ محنت نہ لی جائے ۔ شیڈولڈ کاسٹس اور شیڈولڈ ٹرائبس کے متعلق حکومت کی جو پالیسی ہے وہ کلاس وائز (Classwise) یعنی جماعتی پالیسی ہے ۔ بلکہ میں تو کہونگا کہ وہ کاسٹ ہندو پالیسی ہے ۔ جسکی ذمہ داری آنریبل چیف منسٹر اور دوسرے منسٹروں پر عائد ہوتی ہے اون کو کسی کلاس (Classes) کی تخصیص کے بغیر سوچنا چاہئے جبتک ایسا نہ کیا جائیگا یہ مسئلہ ہمیشہ ہمارے سامنے رہیگا ۔

جیسا کہ میرے دوست نے کہا کہ اس کے لئے پانچ کروڑ کا فنڈ رکھا جائے ۔ لیکن میں کہونگا کہ پانچ کیا پچیس کروڑ کا بھی فنڈ اس کے لئے کھولا جائے تو ناکافی ہوگا ۔ اس کو تو نیشنل پرابلم کے طور پر حل کرنا چاہئے ۔ جیسا کہ میں نے کل ہی عرض کیا ہے جس طرح بیک ورڈ ایریاز کے ڈیولپمنٹ کے لئے فنڈ رکھا جاتا ہے اوسی طرح سے ہریجنوں اور شیڈولڈ کاسٹس کے لئے بھی رکھا جانا چاہئے اور اسی اہمیت کے ساتھ اس مسئلہ کو بھی سوچنا چاہئے ۔ جب تک ایسا نہ کیا جائیگا میں نہیں سمجھتا کہ یہ سوال حل ہوسکے گا ۔ پچھلے سال اس کے لئے (۱۰) لاکھ روپیہ رکھے گئے تھے لیکن صرف ساڑھے تین لاکھ روپیہ خرچ کئے گئے ۔ اس کے متعلق یہ کہا گیا کہ پیسہ نہیں ہے اس لئے ساڑھے تین لاکھ روپیہ خرچ کئے گئے ۔ اور اس سال ساڑھے آٹھ لاکھ روپیہ رکھے گئے ہیں ۔ گویا بنیا پالیسی اختیار کرکے اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اور اپنی منسٹری چلانے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ آٹھ لاکھ دس لاکھ بارہ لاکھ اس طرح کی رقم رکھکر بنیا پالیسی پر چلنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ ایک بنئے کی طرح اگر حکومت اس معاملہ پر سوچتی رہی تو مسئلہ حل نہیں ہوگا ۔ ہم کو تو یہ سوچ کر مسئلہ حل کرنا چاہئے کہ یہ واقعی پچھڑی ہوئی قوم ہے ۔ اسکو آگے بڑھانا چاہئے ۔

پولیس مال اور دیگر محکموں پر تو لاکھوں روپیہ خرچ ہوتے ہیں کیا ہریجنوں کے لئے رقم نہیں مل سکتی ؟ آپ کو اس پر طبقہ واری ذہنیت سے نہیں سوچنا چاہئے بلکہ یہ سوچنا چاہئے کہ یہ قوم ایک پچھڑی ہوئی قوم ہے ۔ جب تک وہ ذہنیت پیدا نہ ہوگی ہم خواہ کتنا ہی روپیہ لگائیں اوس سے فائدہ نہ ہوگا ۔ میں تو یہی کہونگا کہ اس سرانجام شاہی ڈھانچے کو ختم کرنے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ اس ڈھانچے کو ختم کئے بغیر ہم آگے قدم بڑھانے کی کوشش کریں تو کوئی فائدہ نہ ہوگا ۔ پچھلے سال جو رقم خرچ نہیں کیگئی وہ اسی ذہنیت کے تحت تھی اور اس سال بھی ساڑھے آٹھ لاکھ روپیہ رکھے گئے ہیں وہ بھی اسی ذہنیت کے تحت رکھے گئے ہیں ۔ اس لئے اس ذہنیت کو دور کرنا چاہئے ۔ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں اور اب بھی کہتا ہوں کہ جس طرح بیک ورڈ ایریاز کے ڈیولپمنٹ کے لئے پروگرام بنایا جاتا ہے اسی طرح شیڈولڈ کاسٹس کے لئے بھی پروگرام بناکر اوسکو آگے بڑھانے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ میں حکومت سے پرزور مانگ کرتا ہوں کہ اس سوال کو ایک کلاس کا سوال سمجھکر حل نہ کیا جائے بلکہ جسطرح ڈیولپمنٹ پروگرام بناکر عمل کیا جاتا ہے اسی طرح اس کے متعلق بھی عمل ہونا چاہئے ۔ چند آنریبل نے کہا کہ پانچ کروڑ اس کے لئے رکھنے چاہئیں ۔ میں کہونگا کہ اگر ہم ذہنیت بدل دیں

نو اس کے لئے اچھی طرح کیپٹل (Capital) اوٹ لے (Outlay) کرسکتے ہیں ۔ اگر اس سے بھی زیادہ رقم دینا پڑے تو دینا پڑیگا ۔ تب ہی ہم اس سوال کو حل کرسکینگے ۔ کویا لوگوں کے گھروں کے لئے لکڑی دینے کے متعلق آنریبل منسٹر فار فارسٹ نے فرمایا تھا کہ جب میرے پاس ریوینیو منسٹر کے پاس سے مانگ آئیگی تو میں دونگا ۔ جو ایم ۔ ایل ۔ ایز اضلاع میں رہتے ہیں وہ ان لوگوں کی حالت جانتے ہیں ۔ آج نہ اون کے رہنے کے لئے گھر ہے ۔ نہ بھننے کے لئے کڑے ۔ آج وہ لوگ مائزنس (Poisonous) گلے کھا کر زندہ رہنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ ان باتوں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ۔ لہذا ان پر توجہ دینے کی ضرورت ہے ۔ میں ہوسے ہاؤز اور خصوصاً اوس طرف کے آنریبل ممبرس سے اپیل کرونگا (کیونکہ آج حکومت کی باگ ڈور ان ہی کے ہاتھ میں ہے) وہ ذہنیت تبدیل کر کے اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کریں ۔ میں پھر ایک مرتبہ مطالبہ کرتا ہوں کہ ان لوگوں کی جو مانگیں ہیں ان کو پورا کیا جائے ۔ ایک ڈولپمنٹ پروگرام بنا کر اوس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے آگے قدم اٹھایا جائے ۔

